فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ

اور اگر نہ ایک بات پہلے ہو چکی تیرے رب کی

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ

تو فیصلہ ہو جاتا ان میں جس بات میں کہ اختلاف کر رہے ہیں

کسی دین میں شرک جائز نہیں ہے:

[illegible]

فیصلے کا دن قیامت ہے:

[illegible]

[illegible]

وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ

اور کہتے ہیں کیوں نہ اتری اس پر ایک نشانی اس کے رب سے

فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلَّهِ فَانتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُم

سو تو کہہ غیب کی بات اللہ ہی جانے سو منتظر رہو میں بھی

مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ

تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں

پیغمبر کیلئے فرمائشی نشان دکھانا ضروری نہیں:

[illegible]

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاءَ

اور جب چکھائیں ہم لوگوں کو مزہ اپنی رحمت کا بعد ایک تکلیف کے

مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا ۚ قُلِ

جو ان کو پہنچی تھی اسی وقت بنانے لگیں حیلے ہماری آیتوں میں کہہ دے

اللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا

اللہ سب سے جلد بنا سکتا ہے حیلے تحقیق ہمارے فرشتے لکھتے ہیں

تَمْكُرُونَ

حیلہ بازی تمہاری

مشرکین کی حیلہ بازی:

[illegible]

قریب پہنچ گئے تو ابوسفیان نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دعا کی درخواست کی اور وعدہ کیا کہ اب اگر عذاب ہٹ جائے تو ہم ایمان لے آئیں گے۔ آپ کی دعا سے خدا نے حال کر دیا لیکن جب بلا دور ہوئی تو پھر وہی شرارتیں کرنے لگے۔ خدا کی آیتوں کو جھٹلاتے اور اس کی قدرت و رحمت پر نظر نہ کرتے۔ بلکہ انعامات الٰہیہ کو ظاہری اسباب و حیل اور محض بے اصل خیالات و اوہام کی طرف نسبت کرتے تھے۔ اس کا جواب دیا کہ پہلے تم نے مکر و فریب اور حیلہ بازی کی تو خدا سے تمہاری حیلہ بازیاں ایک ایک کر کے لکھی جا رہی ہیں۔ وہ سب دفتر قیامت کے دن تمہارے سامنے رکھ دیا جائے گا۔ پھر جب تمہاری کوئی حیلہ بازی فرشتوں سے چھپی نہیں، خدا کے علم سے کہاں باہر ہو سکتی ہے۔ تم اپنے مکر و حیلہ سازی پر مغرور ہو حالانکہ خدا کا جوابی مکر (تدبیر خفی) تمہارے مکر و تدبیر سے کہیں تیز اور سریع الاثر ہے۔ وہ مجرم کو ڈھیل دیتا ہے۔ اتنی ڈھیل چھوڑ دیتا ہے کہ مجرم کو نشہ غفلت میں پکڑے جانے کا تصور بھی نہیں آتا۔ جب پیمانہ شقاوت لبریز ہو جاتا ہے تو دفعتہً پکڑ کر تباہ کر دیتا ہے۔ چنانچہ آگے بتلاتے ہیں کہ خدائی نیکی و بدی اور خوشی کن حالات کو دیکھ کر معلوم ہوتا ہے کہ معلوم کرنی کے بعد کیسی تیزی سے آتی ہے۔ پچھلے مکر کی مثال میں بیان فرمایا۔ حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ "سختی کے وقت آدمی کی نظر اسباب سے اٹھ کر صرف اللہ پر رہتی ہے" جہاں مصیبت ٹلی اور کام بن گیا پھر بندہ کو بھول کر اسباب پر نظر رہتی ہے۔ یہ نہیں کہ خدا کہیں کی تکلیف دور کر کے ایک سبب کھڑا کر دے۔ اسی کے ہاتھ میں سب اسباب کی باگ ہے چنانچہ آگے دریائی سفر کی مثال میں اسی کی ایک صورت بیان فرمائی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

دو اعمال جن کا بدلہ جلدی مل جاتا ہے:

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو نیکی جلدی ادا ہو لوگوں پر احسان کرنے کا بدلہ بھی جلدی ملتا ہے (کہ آخرت سے پہلے دنیا ہی میں اس کی برکات نظر آنے لگتی ہیں) اور ظلم اور قطع رحمی کا بدلہ بھی جلد ملتا ہے (کہ دنیا میں بھگتنا پڑتا ہے) (رواہ الترمذی و ابن ماجہ بسند حسن) اور ایک حدیث میں بروایت حضرت عائشہ مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین گناہ ایسے ہیں کہ ان کا وبال اپنے کرنے والے ہی پر پڑتا ہے ظلم عہد شکنی اور مکر و فریب (رواہ ابو الشیخ و ابن مردویہ فی التفسیر) (معارف القرآن و مظہری)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا:

مظہری کی روایت میں آیا ہے کہ قریش کی بد اعمالیوں سے تنگ آ کر رسول اللہ نے بددعا کی اور فرمایا اے اللہ یوسف کے سات سالوں کی طرح ان کو قحط سالی میں مبتلا کر دے پس ان پر بددعا کے نتیجے میں قحط ایسا مسلط ہو گیا کہ ہر چیز (کھیتی باڑی پھل وغیرہ) تباہ ہو گئی کھالیں اور مردار جانور تک کھانے

کی نوبت پہنچ گئی ابوسفیان نے خدمت گرامی میں حاضر ہو کر عرض کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری قوم والے ہلاک ہو گئے۔ تم اللہ کی اطاعت اور صلہ رحمی (قرابتداروں سے حسن سلوک) کا حکم دیتے ہو اللہ سے ان کے لئے دعا کرو کہ ان کی مصیبت کو دور کر دے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی۔

اللہ تعالیٰ کی تدبیر ہی کامیاب ہے:

بعض لوگوں نے سرعت مکر کا یہ معنی بیان کیا ہے کہ حق کو دفع کرنے کی جو تدبیریں کافر کرتے ہیں ان سے زیادہ سرعت کے ساتھ اللہ ان کو ہلاک کر دینے کی تدبیر کرتا ہے۔ اللہ کا عذاب ان پر بہت جلد آ جاتا ہے۔ اللہ پوری قدرت رکھتا ہے اس لئے وہ جو چاہتا ہے وہ ضرور ہو کر رہتا ہے اور کافر دفع حق کی قدرت نہیں رکھتے۔ (تفسیر مظہری)

هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ حَتَّىٰ إِذَا
وہی تم کو پھراتا ہے جنگل اور دریا میں یہاں تک کہ
كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ
جب تم بیٹھے کشتیوں میں اور لے کر چلیں وہ لوگوں کو
طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ
اچھی ہوا سے اور خوش ہوئے اس سے۔ آئی کشتیوں پر ہوا تند
وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا
اور آئی ان پر موج ہر جگہ سے اور جان لیا انہوں نے کہ وہ گھر گئے
أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ
پکارنے لگے اللہ کو خالص ہو کر اس کی بندگی میں
لَهُ الدِّينَ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ
اگر تو نے بچا لیا ہم کو اس سے تو بیشک ہم رہیں گے
مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿٢٢﴾ فَلَمَّا أَنجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ
شکر گزار۔ پھر جب بچا دیا ان کو اللہ نے لگے شرارت کرنے
فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ
اسی وقت زمین میں ناحق کی

مشرکین کی موقع پرستی:

یعنی بتلاؤ کہ جب تم بحری سفر میں ہوتے ہو، موافق ہوا چل رہی ہے، بیڑے کے بیڑے آرام سے جا رہے ہیں کہ ناگہاں ایک تند و تیز طوفانی ہوا چلنے لگی اور چاروں طرف سے پانی کے پہاڑ اٹھ کر کشتی (یا جہاز) سے ٹکرانے لگے، جب یقین ہو گیا کہ ہر طرف سے موت کے منہ میں گھر گئے ہیں، بھاگنے اور نکلنے کی کوئی جگہ نہیں تو دوسرے فرضی معبودوں کو چھوڑ کر صرف ایک اللہ کو پکارنے لگے جو اصل فطرت انسانی کا تقاضا تھا، ہاتھ جوڑ جوڑ کر عاجزی کرنے لگے اور عہد کیا کہ اگر اس مصیبت سے تو نے ہمیں بچا لیا تو ہمیشہ تیرے شکر گزار رہیں گے۔ لیکن جب وہ اس مصیبت سے نجات پا گئے تو خشکی پر قدم رکھتے ہی شرارتیں کرنے لگے، گویا کبھی کوئی عہد قائم ہی نہ کیا تھا (اعجب) اس آیت میں ان مدعیان اسلام کے لئے بڑی عبرت ہے جو جہاز کے طوفان میں گھر جانے کے وقت بھی خدا کے بجائے اپنے پیروں کو مدد کے لئے پکارتے ہیں۔

حضرت عکرمہ کا مسلمان ہونا:

فتح مکہ کے بعد عکرمہ بن ابی جہل مسلمان ہونے سے بھاگ کر بحری سفر اختیار کیا، تھوڑی دور جا کر کشتی طوفانی ہواؤں سے گھر گئی تو اہل کشتی نے کہا کہ اب صرف ایک خدا کو پکارو، یہاں تمہارے معبود کچھ کام نہ آئیں گے۔ عکرمہ نے کہا کہ یہی تو وہ خدا ہے جس کی طرف محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم کو بلاتے تھے، اب دیکھو، جب کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی بات سمندر میں بھی ٹھیک ہے تو خشکی میں بھی اس کی سچائی اور صداقت کے تعلیم یقیناً کام آئے گی۔ یا اللہ اگر تو نے اس مصیبت سے نجات دی تو میں ضرور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ہاتھ میں ہاتھ دوں گا، مجھے امید ہے کہ وہ اپنے اخلاق کریمانہ سے میری تقصیرات کو معاف فرما دیں گے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف با اسلام ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ابن کثیر)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ مَّتَاعَ
اے لوگو تمہاری شرارت ہے تمہی پر نفع اٹھالو
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ
دنیوی زندگانی کا پھر ہمارے ہی پاس تم کو آنا ہے پھر ہم بتلا دیں گے
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
جو کچھ تم کرتے تھے

تمہیں اپنی شرارتیں لے ڈوبیں گی:

یعنی تمہاری شرارت کا وبال تمہیں پر پڑے گا، اگر چند روزہ شرارتیں کر کے تم نے کچھ تھوڑا سا نفع حاصل کر بھی لیا تو کیا ہوا، پھر خدا کی طرف لوٹنا ہے، وہاں تمہارا سب کیا دھرا کھل کر سامنے آ جائے گا اور جو کچھ تم کرتے تھے تمہارے آگے رکھ دیا جائے گا۔ (ابن کثیر)

لوٹ پڑنے والی چیزیں:

[illegible] بیان ہوئے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو گناہ ایسے ہیں جن کا وبال بہت جلد دنیا ہی میں لوٹ پڑتا ہے ظلم اور قطع رحمی۔

[illegible] ظلم اور قطع رحمی سے بڑھ کر کوئی گناہ اس کا مستحق نہیں کہ اس کی سزا [illegible] (ابن کثیر)

اللہ تعالیٰ کے وجود کی دلیل:

[illegible]

[illegible] (ابن کثیر)

مومن اور کافر کا فرق:

[illegible]

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ

[illegible]

مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْأَرْضِ

آسمان سے [illegible] اس سے [illegible] زمین کا

مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ

جو کھاتے ہیں آدمی اور چوپائے

دنیاوی زندگی کی مثال

[illegible]

حَتّٰىٓ إِذَآ أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ

[illegible]

وَظَنَّ أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ

[illegible]

کھیتی تباہ ہوگئی

[illegible]

أَتٰىهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا

[illegible]

كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

[illegible]

الْأٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

وَاللّٰهُ يَدْعُوٓا إِلٰى دَارِ السَّلٰمِ وَيَهْدِيْ مَنْ

[illegible]

يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

[illegible]

جنت کی طرف آؤ

[illegible]

آدمی تمام کر سکتی ہے کو جس کی طرف بلا رہا ہے اور وہاں تک پہنچنے کا راستہ بھی دکھلا رہا ہے۔ وہ ایسا گھر ہے جہاں کے رہنے والے ہر قسم کے رنج و غم اور پریشانی، تکلیف، نقصان، آفت اور خوف و خطر وغیرہ سے بالکل محفوظ و سالم رہیں گے۔ فرشتے ان کو سلام کریں گے۔ خود رب العزت کی طرف سے تحفۂ سلام پہنچے گا۔ (تفسیر عثمانی)

جنت کو دار السلام کہنے کی وجہ:

دار السلام سے مراد جنت ہے۔ اس کو دار السلام کہنے کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اس میں ہر طرح کی سلامتی اور امن و سکون ہر شخص کو حاصل ہوگا۔ دوسری وجہ بعض روایات میں یہ ہے کہ جنت کا نام دار السلام اس لئے بھی رکھا گیا ہے کہ اس میں رہنے والوں کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نیز فرشتوں کی طرف سے سلام پہنچتا رہے گا۔ بلکہ لفظ سلام اہل جنت کی اصطلاح ہوگی، جس کے ذریعہ وہ اپنی خواہشات کا اظہار کریں گے اور فرشتے ان کو مہیا کریں گے، جیسا کہ اس سے پہلی آیات میں گزر چکا ہے۔

حضرت یحییٰ بن معاذؒ کا خطاب:

حضرت یحییٰ بن معاذؒ نے اس آیت کی تفسیر میں بطور نصیحت عوام کو خطاب کر کے فرمایا کہ اے آدم کے بیٹے! تجھ کو اللہ تعالیٰ نے دار السلام کی طرف بلایا تو اس دعوت الٰہیہ کی طرف کب اور کہاں سے قدم اٹھاتا ہے۔ سمجھ لے کہ اگر تو نے اس دعوت کو قبول کرنے کے لئے اسی دنیا سے کوشش شروع کر دی تو وہ کامیاب ہوگی اور تو دار السلام میں پہنچ جائے گا اور اگر تو نے اس دنیا کی عمر کو ضائع کرنے کے بعد یہ چاہا کہ قبر میں پہنچ کر اس دعوت کی طرف چلوں گا تو تیرا راستہ روک دیا جائے گا، وہاں ایک قدم آگے نہ بڑھ سکے گا کیونکہ وہ دار العمل نہیں۔

کسی گھر کا نام دار السلام رکھنا:

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے فرمایا کہ دار السلام جنت کے سات ناموں میں سے ایک نام ہے۔ (تفسیر قرطبی)

اس سے معلوم ہوا کہ دنیا میں کسی گھر کا نام دار السلام رکھنا مناسب نہیں، جیسے جنت، فردوس وغیرہ نام رکھنا بھی درست نہیں۔

توفیق اللہ دیتا ہے:

اس کے بعد آیت مذکورہ میں ارشاد فرمایا:

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۤءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

یعنی پہنچا دیتا ہے اللہ تعالیٰ جس کو چاہے سیدھے راستہ پر۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دار السلام کی دعوت تو سارے انسانوں کے لئے عام ہے اور دعوت کے اعتبار سے سب کے لئے ہدایت عام ہے لیکن ہدایت کی خاص قسم یعنی سیدھے راستہ پر کھڑا کر دینا اور چلنے کی توفیق دی جانا یہ مخصوص ہے، ان ہی لوگوں کو نصیب ہوتا ہے۔ (معارف مفتی اعظم)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال:

حضرت جابرؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو رہے تھے کہ فرشتے آئے اور آپس میں کہنے لگے تمہارے اس ساتھی کی ایک خاص حالت ہے، مثال دے کر اس کی حالت بیان کرو۔ کسی فرشتے نے کہا یہ سو رہا ہے۔ دوسرے نے کہا اس کی آنکھ سو رہی ہے دل بیدار ہے۔ پھر فرشتوں نے کہا اس کی حالت ایسی ہے جیسے کسی شخص نے کوئی مکان بنایا اور (مہمانوں کو کھلانے کے لئے) دستر خوان بچھایا اور لوگوں کو بلانے کے لئے ایک آدمی کو بھیجا، جن لوگوں نے دعوت قبول کر لی وہ اس کے گھر میں آ گئے اور دستر خوان پر کھانا کھایا، جس نے دعوت قبول نہیں کی وہ گھر کے اندر نہیں آیا اور دستر خوان سے کچھ کھایا (نہیں)۔ دوسرے فرشتوں نے کہا اس مثال کی تشریح کر دو تاکہ یہ شخص سمجھ جائے۔ ایک فرشتے نے کہا یہ سو رہا ہے۔ دوسرے نے کہا اس کی آنکھ سو رہی ہے دل بیدار ہے۔ فرشتوں نے کہا اس کی تشریح یہ ہے کہ مکان جنت ہے، لوگوں کو بلانے والا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا کہنا مانا اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔ لوگوں کے مختلف فرقے ہیں۔ (رواہ البخاری)

دارمی نے حضرت ربیعہ جرشیؓ کی روایت سے بھی یہ حدیث نقل کی ہے لیکن اس روایت کے یہ الفاظ ہیں، مجھ سے کہا گیا (تمثیل کر) سردار نے ایک مکان بنایا اور دستر خوان تیار کیا اور ایک آدمی کو (عام لوگوں کو کھانے کے لئے) بلانے کے لئے بھیجا۔ پس جس کسی نے دعوت قبول کر لی وہ گھر کے اندر آ گیا اور دستر خوان پر اس نے (کھانا) کھا لیا اور (میزبان) سردار اس سے خوش ہو گیا اور جس نے دعوت قبول نہیں کی وہ گھر کے اندر نہیں آیا، اس نے دستر خوان سے کچھ نہیں کھایا اور سردار اس سے ناخوش ہو گیا۔ فرمایا پس اللہ سردار ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم بلانے والا ہے اور مکان اسلام ہے اور دستر خوان جنت ہے۔

صراط مستقیم:

تمام اہل علم فرماتے ہیں کہ صراط مستقیم سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر و عمر کا طریقہ اور راستہ مراد ہے۔ (تفسیر مظہری)

خلاف پیمبر کسے رہ گزید — کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

(سعدی)

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ
جنہوں نے کی بھلائی ان کے لئے ہے بھلائی اور زیادتی

بھلائی اور زیادتی:

بھلے کام کرنے والوں کو وہاں بھلی چیز ملے گی (یعنی جنت) اور اس سے

ولا یرھق وجوھھم قتر ولا ذلۃ اولٰئک

اور نہ چڑھے گی ان کے منہ پر سیاہی اور نہ رسوائی وہ ہیں

اصحٰب الجنۃ ھم فیھا خٰلدون

جنت والے وہ اسی میں رہا کریں گے

[illegible]

سب سے بڑی نعمت:

[illegible]

جنتیوں کے چہرے:

[illegible]

والذین کسبوا السیّاٰت جزاء سیّئۃ بمثلھا

اور جنہوں نے کمائیں برائیاں بدلا برائی کا اس کے برابر

[illegible]

وترھقھم ذلۃ ما لھم من اللہ من عاصم

اور چڑھ جائے گی ان پر رسوائی کوئی نہیں ان کو اللہ سے بچانے والا

کانما اغشیت وجوھھم قطعا

گویا ڈھانک دیے گئے ان کے منہ اندھیری

من الیل مظلما

رات کے ٹکڑوں سے

جہنمیوں کے چہرے

[illegible]

اولٰئک اصحٰب النار ھم فیھا خٰلدون

وہ ہیں دوزخ والے وہ اسی میں رہا کریں گے

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا
اور جس دن جمع کریں گے ہم ان سب کو پھر کہیں گے شرک کرنے
مَكَانَكُمْ أَنتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ
والوں کو کھڑے ہو جاؤ اپنی جگہ تم اور تمہارے شریک

فرضی معبودوں کی بے بسی:

یعنی جن کو تم نے اپنے خیال میں خدا کا شریک ٹھہرا رکھا تھا، یا جن کو خدا کے بیٹے بیٹیاں کہتے تھے جیسے مسیح علیہ السلام جو نصاریٰ کے نزدیک "ابن اللہ" بلکہ "عین اللہ" تھے یا ملائکۃ اللہ یا "اصنام و بت" کہ ان میں کسی کو ایک حیثیت سے خدائی کا منصب دے رکھا تھا، یا جن کو مشرکین نے خدائی کے اختیارات تقسیم کر رکھے تھے، سب کو حسب مراتب اپنی اپنی جگہ کھڑے رہنے کا حکم ہوگا۔

فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ ۖ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُم مَّا كُنتُمْ
پھر تڑوا دیں گے ہم آپس میں ان کو اور کہیں گے ان کے شریک تم
إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ۝ فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا
ہماری تو بندگی نہ کرتے تھے سو اللہ کافی ہے شاہد ہمارے
وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ
اور تمہارے بیچ میں ہم کو تمہاری بندگی کی خبر نہ تھی

یعنی اس وقت عجیب تفرقہ اور کش مکش کی نوبت آئے گی۔ عابدین و معبودین میں جدائی ہو جائے گی اور دنیا میں جو اوہام و خیالات کے موافق جوڑ توڑ کے تھے سب ٹوٹ جائیں گے۔ اس ہولناک وقت میں جب کہ مشرکین کو اپنے فرضی معبودوں سے بہت کچھ توقعات تھیں، وہ صاف جواب دے دیں گے کہ تمہارا ہم سے کیا تعلق، تم جھوٹ بکتے ہو کہ ہماری بندگی کرتے تھے (کیونکہ اپنے عقیدہ کے موافق جس چیز کو پوجتے تھے اس کے لئے وہ خدائی صفات ثابت کرتے تھے، حالانکہ واقع میں ان میں موجود نہیں تھیں، تو حقیقت میں وہ عبادت اور بندگی بانی "مسیح" یا "ملائکہ" کی نہ ہوئی، اور نہ حقیقت میں بے جان صورتوں کی تھی، محض اپنے خیال اور وہم یا شیطان لعین کی پرستش کرتے تھے، یا تم اپنی تصویریں اور مورتیں بنا رکھی تھیں) خدا گواہ ہے کہ ہماری مرضی سے تم نے یہ حرکت نہیں کی۔ ہم کو یاد بھی نہیں کہ تمہاری حالت و عبادت سے خدا کے مقابلہ میں ہمیں کچھ سروکار ہو۔ (تنبیہ) یہ گفتگو حضرت "مسیح" وغیرہ کی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملتی جلتی ہوگی اور "اصنام" (بتوں) کی جانب سے بزور قوت گویائی ہوگی، جس کا مقصد مشرکین کی انتہائی حسرت و یاس اور ان کی رسوائی کے اظہار کے لئے اپنی قدرت کاملہ سے ان پتھروں کو گویا کر دے۔ "قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي أَنطَقَ كُلَّ شَيْءٍ" (حم سجدہ، رکوع ۳)

هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَّا أَسْلَفَتْ وَرُدُّوا
وہاں جانچ لے گا ہر کوئی جو اس نے پہلے کیا تھا اور رجوع کریں گے
إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا
اللہ کی طرف جو سچا مالک ہے ان کا اور جاتا رہے گا ان کے پاس سے جو
يَفْتَرُونَ
جھوٹ باندھا کرتے تھے

سب توقعات ختم ہو جائیں گی:

یعنی ہر ایک نے جو عمل کیا تھا سب کی حقیقت سامنے آ جائے گی۔ جو غلط امیدیں قائم کر رکھی تھیں سب ختم ہو جائیں گی اور جھوٹے دعوے اور بناوٹی معبود سب غائب ہو جائیں گے۔

قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ
تو پوچھ کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے اور زمین سے

سب کچھ اللہ نے دیا ہے:

آسمان کی طرف سے بارش اور حرارت شمس وغیرہ پہنچتی ہے اور زمین سے غلہ اور میوے نکلتے ہیں جن سے انسان کی روزی مہیا ہوتی ہے۔

أَمَّن يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ
یا کون مالک ہے کان اور آنکھوں کا

یعنی اپنے عجیب و غریب کے اصول طریقہ سے کس نے کان اور آنکھ پیدا کی۔ پھر ان کی حفاظت کا سامان کیا۔ کون ہے جو ان تمام قویٰ کا اصلی اور حقیقی مالک ہے کہ جب چاہے ان کو بیکار کر دے اور جب چاہے چھین لے۔

وَمَن يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ
اور کون نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور نکالتا ہے مردہ
مِنَ الْحَيِّ
زندہ سے

"طلوع" یا "بعث" سے جاننا اور مکمل ہونا ... ہے یا ماحول اور معنوی طور پر جو شخص یا قوم مردہ ہو چکی ہو اس میں ... سے ... کرتے ہیں ... خلاف ... سے ... کی جاتی ہے۔

وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ

اور کون تدبیر کرتا ہے کاموں کی

کاموں کی تدبیر اور انتظام کون کرتا ہے۔

فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ

سو بول اٹھیں گے کہ اللہ تو تو کہہ پھر ڈرتے نہیں ہو

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ

سو یہ اللہ ہے رب تمہارا سچا پھر کیا رہ گیا سچ کے پیچھے

الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ

مگر بھٹکنا سو کہاں سے لوٹے جاتے ہو

مالک کا اقرار کرتے ہو اس کی عبادت کرو:

مشرکین بھی ... تھا ... "کہ آسمانوں اور زمین ... سے ... سب کا خالق و مالک اور انتظام ... بیان کرتے ہو۔ پھر ... کی ... کے ... معبود ... ہے ... کا مالک ... سب ... اور ... کی ... کا اقرار کر کے کہاں ... جب ... حق ... کے ... جھوٹ ... ہے ... گمراہی ... ممکن نہیں ہوسکتا۔

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

اسی طرح ٹھیک آئی بات تیرے رب کی

الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ

ان نافرمانوں پر کہ یہ ایمان نہ لائیں گے

یعنی اللہ نے ... ہی ... کی قسمت میں یہاں ... لکھا ... کہ ... ان کی ... اور ... ہے ... خدا کی ... بات ... ان ... ہدایت آئی۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ

پوچھ کوئی ہے تمہارے شریکوں میں جو پیدا کرے خلق کو

ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۚ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

پھر دوبارہ زندہ کرے تو کہہ اللہ پہلے پیدا کرتا ہے پھر اس کو دہرائے گا

فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ

سو کہاں سے پلٹے جاتے ہو

اب آخرت کو بھی تسلیم کر لو:

یہاں تک "مبدا" کا ثبوت تھا، اب "معاد" کا ذکر ہے۔ یعنی جب ... کہ پہلی ... انہی ... موت و حیات سب کا پیدا کرنے والا ... ہے ... کہ مخلوق کو مرنے کے بعد دوبارہ پیدا کرنا ... کا ... ممکن ہے ... ابراہیم علیہم السلام کی زبانی جب وہ خود اس ... جانتے ... ہے تو اس کی تسلیم ... "مبدا" کا اقرار کر کے "معاد" کی طرف سے کہاں الٹے جاتے ہو۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى

پوچھ کوئی ہے تمہارے شریکوں میں جو راہ بتلائے صحیح تو کہہ ...

الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ

... تو کہہ اللہ راہ بتلاتا ہے صحیح تو اب جو کوئی راہ بتلاوے ...

اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ

... یا اس کا جو آپ نہ پاوے راہ مگر جب کوئی اور اس کو

اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ

راہ بتلاوے سو کیا ہو گیا تم کو کیسا انصاف کرتے ہو

راہنما بھی اللہ ہی ہے:

"مبدا" و "معاد" کے بعد ... قرآن نے ... جس طرح اول پیدا کرنے والا ... خدا ہے ... "معاد" ... راہ بتلانے والا بھی کوئی ... نہیں۔ خدا کی ... کرتا ہے۔ مخلوق میں ... سب ... راہنمائی ... کی ... راہنمائی ... چلتا ہے۔ ... کسی ... راہنمائی سے بھی ... قدرت نہیں ... (انبیاء و ملائکہ علیہم السلام) بھی ... آتے ہیں ... خدا ... سکتے ... ان ... کی ...

میں کامل اصول ہے کہ خدا بلا واسطہ ان کی رہنمائی فرماتا ہے۔ پھر یہ کیسی نا انصافی ہے کہ انسان ایسے ہادی مطلق کو چھوڑ کر باطل معبودوں کے پیچھے چلے، یا ضائع اعتبار وہ ہیاں ہیں جن کی رہنمائی پر اعتماد کر کے چلنے لگے۔

وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا إِنَّ الظَّنَّ لَا
اور وہ اکثر چلتے ہیں محض اٹکل پر سو اٹکل کام نہیں دیتی حق بات میں کچھ بھی
يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا

مشرکوں کے پاس تو وہم کے سوا کچھ نہیں:

جب معلوم ہو چکا کہ "مبدئ" "معید" "ہادی" وغیرہ اللہ ہے تو اس کے خلاف شرک کی راہ اختیار کرنے والوں کو سوچنا چاہیے کہ ان کے ہاتھ میں کونسی دلیل و برہان ہے جس کی بناء پر "توحید" کے مسلک قویم کو چھوڑ کر ضلالت کے گڑھے میں گرے جا رہے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ ان کے پاس سوائے ظنون و اوہام اور اٹکل پچو باتوں کے کوئی چیز نہیں۔ محض اٹکل کے تیر تحقیق و معرفت کی بحث میں کیا کام دے سکتے ہیں۔

إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ۝ وَمَا كَانَ
اللہ کو خوب معلوم ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں اور وہ نہیں
هَٰذَا الْقُرْآنُ أَنْ يُفْتَرَىٰ مِنْ دُونِ اللَّهِ
یہ قرآن کہ کوئی بنا لے اللہ کے سوا

صحیح راستہ بتانے والا صرف قرآن ہے:

پچھلی آیات میں فرمایا تھا کہ مشرکین محض ظن و تخمین کی پیروی کرتے ہیں۔ وہ وحی الٰہی کے مقابل ان کی بات ہے جو کبھی راستہ بتلا سکے۔ اسی مناسبت سے یہاں قرآن کریم کا ذکر فرمایا کہ آج دنیا میں وہ ہی ایک کتاب ہے جو راستہ بتلانے والی اور ظنون و اوہام کے مقابلہ میں سچے حقائق پیش کرنے والی ہے۔ اس کے علوم و معارف، ہدایات و احکام اور حیرت انگیز فصاحت و بلاغت پر غور کر کے کہنا پڑتا ہے کہ یہ قرآن وہ کتاب نہیں جو خدا کے سوا کوئی دوسرا شخص بنا کر پیش کر سکے۔ پورا قرآن تو بجائے خود رہا اس کی ایک سورۃ کا مثل لانے سے بھی تمام جن و انس عاجز ہیں جیسا کہ آگے آتا ہے۔

وَلَٰكِنْ تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ
اور لیکن تصدیق کرتا ہے اگلے کلام کی

سچائی کی دلیل:

قرآن کا کلام الٰہی ہونا اس سے ظاہر ہے کہ وہ تمام کتب سماویہ سابقہ کی سچائی پر مہر تصدیق ثبت کرتا، ان کے اصل مضامین کی حفاظت اور ان کی پیشین گوئیوں کی صداقت کا اظہار کرتا ہے۔

وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَبِّ
اور بیان کرتا ہے ان چیزوں کو جو تم پر لکھی گئیں جس میں کوئی شبہ نہیں پروردگار عالم کی طرف سے
الْعَالَمِينَ ۝

یعنی ادیان سماویہ اور ان حقائق و معارف کو جو پچھلی کتابوں میں نہایت اجمالی طور پر مذکور تھیں کافی تفصیل سے بیان کرتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اس کتاب میں باطل کے لئے شک و شبہ کی قطعاً گنجائش نہیں۔ ایسا جامع، بلیغ، پر حکمت اور صداقت سے بھرا ہوا کلام رب العالمین ہی کا ہو سکتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِثْلِهِ
کیا لوگ کہتے ہیں کہ یہ بنا لایا ہے تو کہہ دے تم لے آؤ
وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ
ایک ہی سورت ایسی اور بلا لو جس کو بلا سکو اللہ کے سوا
إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝
اگر تم سچے ہو

منکروں کو چیلنج

یعنی اگر میں بنا لایا ہوں تو تم بھی میری طرح بشر ہو، سب مل کر ایک سورت ہی اس جیسی بنا لاؤ، ساری مخلوق کو دعوت دو، جن و انس جس کو بلا سکو بلا لو، جہاں کے فصیح و بلیغ جمع کر لو۔ اگر ایک چھوٹا سا کلام قرآن کی مانند پیش کر دو تو سمجھ لیا جائے گا کہ قرآن بھی کسی بشر کا کلام ہے جس کا مثل دوسرے لوگ لا سکتے ہیں۔ مگر محال ہے کہ ابد الآباد تک کوئی مخلوق ایسا دعویٰ کر سکے۔

قرآن ہر لحاظ سے کامل ہے۔

قرآن کریم ہی ایک کتاب ہے جس میں تہذیب اخلاق، تمدن، معاشرت، سیاست، معرفت، روحانیت، تزکیہ نفس، تنویر قلوب، وضع اصول، قوانین اور تنظیم و تقسیم حقوق کے تمام بہترین طریقے موجود ہیں۔ جن سے آفرینش عالم کی غرض پوری ہوتی ہے۔ اور جن کی ترتیب و تدوین کی ایک امی قوم کے امی فرد سے کبھی امید نہیں ہو سکتی تھی۔ پھر ان تمام علوم و ہدایات کو لے کر … کے ساتھ اس کتاب کی طرز ادا، فصاحت و بلاغت، جامعیت و موزونیت اور طرز بیان، … تنوع، سہل ممتنع، سلاست، اسالیب کلام کی … اور اس کی لذت تلاوت اور شکوہ بادشاہانہ … سب ایسی چیزیں ہیں جن … آج تک سے سارے جہاں کو مقابلہ کا چیلنج دے رہا ہے۔

قرآن کا دعویٰ:

جس وقت سے قرآن کے جمال جہاں آرا نے غیب کی نقاب الٹی اور اولاد آدم کو اپنے سے روشناس کیا، اس کا ہمیشہ یہی دعویٰ رہا کہ میں خدا کے قدیم کا کلام ہوں، اور جس طرح خدا کی زمین، خدا کے سورج جیسا سورج، اس کے آسمان جیسا آسمان پیدا کرنے سے دنیا عاجز ہے اسی طرح خدا کے قرآن جیسا قرآن بنانے سے بھی دنیا ہمیشہ عاجز رہے گی۔ قرآن کے مخالف … کر لیں گے … مقابلہ کے جوش میں … مر مٹے۔ اپنی مدد کے لئے دنیا کی بڑی بڑی طاقتوں کو دعوت دے دیکھو، کوئی حیلہ، کوئی تدبیر، کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھو، مگر تم نے اپنے آپ اور دوسروں کو مصیبت میں ڈالا … گے۔ … سے مصائب … کا تحمل ان کے لئے ممکن ہوا مگر قرآن کی نظیر کی سورت … "قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْإِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰى أَنْ يَّأْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَأْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا" … "اعجاز القرآن" کے نام سے ایک مستقل رسالہ لکھا ہے جسے … (تفسیر عثمانی)

بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ

بات یہ ہے کہ جھٹلانے لگے جس کے سمجھنے پر انہوں نے قابو نہ پایا

انکار کی بنیاد تعصب ہے:

یعنی قرآن کو "مفتری" کہنا کچھ … محض جہل و سفاہت … قرار دیتے ہیں۔ تعصب … اجازت نہیں دیتا … دل سے قرآن کے حقائق اور وجوہ … استعمال نہ کرنے کی وجہ سے جب قرآن پاک کے دلائل و مطالب کو پوری

طرح نہیں سمجھتے تو جھٹلانا شروع کر دیا۔ (تفسیر عثمانی)

یعنی ان لوگوں نے جو قرآن کی حقانیت سے انکار کی جرأت … قرآن کی حقیقت … اور … تو انہوں نے قرآن … کا انکار کر دیا۔ انہوں نے … سمجھ بوجھ کی طاقت سے باہر ہے قرآن نے جو غیب کی … کوئی … ثواب، عذاب کی … آیا ہے … کتب سابقہ کے عالموں سے پوچھتے … جو قرآن … کتابوں میں بھی … تحقیق سے قرآن کی سچائی ان پر واضح ہو جاتی۔ قرآن کی عبارت اور تعبیر و معانی … سمجھ سکیں اور قرآنی علوم کی تحقیق کریں۔ انہوں نے فوراً قرآن … تکذیب کی … ۔

وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيْلُهٗ

اور ابھی آئی نہیں اس کی حقیقت

انکار کی ایک وجہ جہالت بھی ہے:

بعض مفسرین نے "تاویلہ" کے معنی "انجام" کے کئے ہیں۔ … مطالب قرآن … مراد لیا ہے۔ یعنی تکذیب کی ایک وجہ بعض سادہ لوحوں کے حق میں یہ بھی ہے کہ مستقبل کے متعلق قرآن نے جو خبریں دی ہیں ان کے ظہور کا ابھی وقت نہیں آیا … تکذیب کیسے ہو سکتی ہے … (تفسیر عثمانی)

اسی طرح قرآن کی … خبریں … جیسے غلبت الروم … مغلوب ہونے کے بعد … غالب ہو جائیں گے۔ چنانچہ … رومی ایرانیوں پر غالب آ گئے۔ … تبت یدا ابی لہب وتب … ابولہب کی ہلاکت کی پیشین گوئی کی گئی … عذاب کے … (تفسیر مظہری)

كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ

اسی طرح جھٹلاتے رہے ان سے اگلے سو دیکھ لے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ وَمِنْهُمْ

کیسا ہوا انجام گنہگاروں کا اور بعضے ان میں یقین لاتے ہیں

مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ

قرآن کا اور بعضے ہیں کہ یقین نہ لائیں گے اس پر اور تیرا رب

بِهٖ ۭ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ۝

خوب جانتا ہے شرارت والوں کو

منکرین ضرور سزا پائیں گے:

یعنی آگے چل کر ان میں کچھ لوگ مسلمان ہو جانے والے ہیں۔ جنہیں چھوڑ کر جو باقی لوگ شرارت پر قائم رہیں گے وہ خدا کے علم میں سب کو خوب معلوم ہے۔ موقع پر مناسب سزا دے گا۔ (تفسیر عثمانی)

وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ

اور اگر تجھ کو جھٹلائیں تو کہہ میرے لئے میرا کام

عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْۗـــــُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ

اور تمہارے لئے تمہارا کام تم پر ذمہ نہیں میرے کام کا اور مجھ پر

مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

ذمہ نہیں جو تم کرتے ہو

ہر ایک کو اپنے عمل کا پھل ملے گا:

یعنی اگر ایسے دلائل و براہین سننے کے بعد بھی یہ لوگ آپ کی تکذیب کریں تو آپ کہہ دیجئے کہ ہم اپنا فرض ادا کر چکے۔ تم سمجھانے پر بھی نہیں مانتے تو اب میری تمہاری راہ الگ الگ ہے۔ تم اپنے عمل کے ذمہ دار اور میں اپنے عمل کا۔ ہر ایک کو اس کے عمل کا ثمرہ مل کر رہے گا۔ حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ (معاذ اللہ) اگر اللہ کا حکم بدلا تمہارا ہی کچھ بگاڑ رہوں اور میں سچا ہوں اور تم نہ مانو تو تمہارا کام تم پر ہے۔ ہم ماننے میں کسی طرح تمہارا نقصان نہیں۔ (تفسیر عثمانی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور امت کی مثال:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو چیز مجھے دے کر اللہ نے بھیجا ہے اس کی اور میری حالت اس شخص کی طرح ہے جس نے قوم والوں سے آ کر کہا (اے میری قوم) میں نے اپنی آنکھوں سے (دشمن کی) فوج دیکھی ہے (جو تم پر حملہ کرنے والی ہے اور تم کو کچھ اطلاع نہیں ہے) میں تم کو اس خطرہ سے آگاہ کر رہا ہوں، بہت جلد (یہاں سے) نکل جاؤ اور بھاگ کر چلے جاؤ۔ اس شخص کے کہنے کو کچھ لوگوں نے مان لیا اور فرصت کو غنیمت سمجھ کر رات ہی کو چلے گئے۔ دشمن سے بچ گئے اور کچھ لوگوں نے اس شخص کو جھوٹا سمجھا اور صبح تک اپنی جگہ پڑے رہے۔ صبح کو دشمن کی فوج نے ان پر حملہ کر دیا اور سب کو مار ڈالا اور ان کا نام و نشان مٹا دیا۔ یہی حالت ان لوگوں کی ہے جنہوں نے میری اطاعت کی اور میری لائی ہوئی تعلیم کا اتباع کیا اور جنہوں نے میری نافرمانی کی اور میری لائی ہوئی سچی تعلیم کو جھوٹا قرار دیا۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم عن ابی موسیٰ الاشعری)

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ

اور بعضے ان میں کان رکھتے ہیں تیری طرف کیا

الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَمِنْهُمْ

تو سنائے گا بہروں کو اگرچہ ان کو سمجھ نہ ہو اور بعضے

مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ

ان میں نگاہ کرتے ہیں تیری طرف کیا تو راہ دکھائے گا اندھوں کو

وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

اگرچہ وہ سوجھ نہ رکھتے ہوں

عقل کے اندھوں کو آپ نہیں منوا سکتے:

بعض لوگ بظاہر قرآن شریف اور آپ کا کلام سنتے ہیں اور آپ کے معجزات و کمالات دیکھتے ہیں مگر دیکھنا سننا وہ نہیں ہے جو دل کے کانوں اور آنکھوں سے ہو۔ یہ آپ کے اختیار میں نہیں کہ آپ بہروں کو بات سنا دیں۔ خصوصاً جو بہرے ہونے کے ساتھ عقل بھی نہ رکھتے ہوں یا اندھوں کو راستہ دکھلا دیں جبکہ انہیں دل کی روشنی بھی نہ ہو۔ "موضح القرآن" میں ہے "بعض کان رکھتے ہیں اور آنکھیں پر دل نہیں" یعنی آپ جب ہدایت پر قدرت نہیں رکھتے تو یہ عجب نہیں، توفیق دینا اللہ کے ہاتھ ہے۔ بعض مفسرین نے لا یعقلون سے عقل اور لا یبصرون سے بصیرت کی مراد لی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جب یہ عقل اور بصیرت سے کام نہیں لیتے تو سمجھنے کے لئے جو قوت ضروری ہے وہ ان میں نہیں، آپ کس طرح سنا اور دکھا کر منوا سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَـيْـــًٔـا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ

اللہ ظلم نہیں کرتا لوگوں پر کچھ بھی لیکن لوگ

أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ
وہ اپنے آپ ظلم کرتے ہیں

انہوں نے خود ظلم کیا:

یعنی انسان کے دل میں اثر نہیں ہوتا یہ ان ہی کی تقصیر ہے۔ خدا اپنی بے انتہا ... سے نہیں ... نے قوائے ادراک کو ... کر لیا ہے۔ ورنہ اصل فطرت سے حق کو ماننے سمجھنے اور قبول کرنے کی استعداد کافی ہے۔ (تفسیر عثمانی)

دین دار لوگوں کی مثال:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ہدایت اور دینی تعلیم اللہ نے مجھے دے کر بھیجا اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی زمین پر خوب بارش ہو تو زمین کا جو ٹکڑا اچھا ہوتا ہے وہ پانی کو لے لیتا ہے پھر اس میں سبزہ گھاس چارہ بکثرت ہو جاتا ہے اور زمین کا کچھ ٹکڑا پتھریلا سخت ہوتا ہے جو پانی کو اپنے اندر روک لیتا ہے اس پانی سے اس زمین کے ٹکڑے سے کچھ روئیدگی نہیں ہوتی مگر اللہ اس سے لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ لوگ پیتے پلاتے ہیں اور کھیتیاں سینچتے ہیں لیکن زمین کا ایک ٹکڑا ایسا بھی ہوتا ہے جو چٹیل میدان ہوتا ہے۔ پانی اس پر بہتا ہے اور بہہ کر چلا جاتا ہے نہ پانی کو اپنے اندر روکتا ہے نہ سبزہ پیدا کرتا ہے۔ یہی حالت اس آدمی کی ہے جو لوگ دین کو سمجھتے ہیں اللہ نے جو تعلیم مجھے دے کر بھیجا ہے ان کو اس تعلیم سے فائدہ ہوتا ہے وہ خود بھی سیکھتے ہیں اور دوسروں کو بھی سکھاتے ہیں اور جو لوگ دین کی طرف قطعاً توجہ نہیں کرتے سر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے اور جو ہدایت مجھے دے کر بھیجا گیا ہے اس کو قبول نہیں کرتے۔ (متفق علیہ کی حدیث ابی موسیٰ کی تفسیر مظہری)

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً
اور جس دن ان کو جمع کرے گا گویا وہ نہ رہے تھے مگر
مِّنَ النَّهَارِ
ایک گھڑی دن

قیامت آئے گی تو آنکھیں کھلیں گی:

یعنی حشر کے ہولناک احوال اور شدائد کو دیکھ کر عمر کا بیشتر حصہ جس قدر عیش و آرام میں گزرا تھا حقیر و قلیل نظر آئے گا گویا دنیا میں ایک گھڑی سے زیادہ ٹھہرے ہی نہ تھے۔ اور اس وقت سمجھیں گے کہ ساری عمر کیسی فضول اور بیکار گزری جیسے آدمی گھڑی دو گھڑی میں تماشہ دیکھ کر ... ہوتا ہے۔ نیز وہاں کی زندگی کے مصائب کو دیکھ کر خیال کریں گے کہ گویا دنیا کی مدت قیام ... بہت تھوڑی ... گھڑی دو محشر کی مصیبت سے جب یہاں آ پہنچے۔ کاش وہاں کی مدت قیام کچھ طویل ہوتی تو یہ دن اس قدر جلد نہ دیکھنے پڑتے۔ بعض مفسرین نے کہا کہ برزخ (قبر) میں ٹھہرنے کی مدت کو ایک گھڑی کے برابر سمجھیں گے۔ واللہ اعلم (تفسیر عثمانی)

يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ
ایک دوسرے کو پہچانیں گے

کوئی کسی کی مدد نہ کر سکے گا:

مگر کوئی مدد نہ کر سکے گا جیسے قرآن کی دوسری آیات میں ہے ... اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا يُبَصَّرُونَهُمْ

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ

(سورہ عبس ... ۳۴ تا ۳۶)

یتعارفون بینہم یعنی باہم ایک دوسرے کو پہچان لیتے ہیں گویا ابھی تھوڑی ہی دیر کی بات ہے کہ باہم تعارف تھا گویا تھوڑی دیر کو جدا ہوئے تھے پھر مل گئے (اور تعارف بھی ہوا) ... ہول قیامت کے ... جیسا کہ ... قبروں سے ... وقت ہو گی پھر قیامت کی ہولناکی ... سے باہم تعارف جاتا رہے گا۔ ... آدمی اپنے ... کو پہچان تو سکے گا مگر ہیبت اور خوف کی وجہ سے اس سے بات نہیں کر سکے گا (تفسیر مظہری)

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ
بیشک خسارے میں پڑے جنہوں نے جھٹلایا
وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ
اللہ سے ملنے کو اور نہ آئے وہ راہ پر

یعنی جنہوں نے لقاء اللہ کی تصدیق نہیں کی اور صحیح راہ نہ پائی وہ ... خسارے میں رہا (تفسیر مظہری)

وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ
اور اگر ہم دکھا دیں تجھ کو کوئی چیز ان وعدوں میں سے جو کرتے ہیں ہم
أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ
ان سے یا وفات دیں تجھ کو سو ہماری ہی طرف ہے ان کو لوٹنا پھر
عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ
اللہ شاہد ہے ان کاموں پر جو کرتے ہیں

عذاب الٰہی کے وعدے پورے ہو کر رہتے ہیں:

[illegible]

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ

[illegible]

قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ

[illegible]

... کے متعلق اصول:

[illegible]

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ

[illegible]

صَادِقِينَ

[illegible]

قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا

[illegible]

شَاءَ اللَّهُ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ

[illegible]

فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ

[illegible]

مقررہ وقت پر عذاب آئے گا:

[illegible]

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا

[illegible]

أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ

[illegible]

کیا تم عذاب سے بچاؤ کر سکتے ہو؟

یعنی رات کو سوتے ہوئے یا دن میں جب تم اپنے دھندوں میں مشغول ہو اور اچانک خدا کا عذاب آ جائے تو مجرم جلدی کرتے [illegible] بچاؤ نہیں کر سکتے پھر وقت پوچھنے سے کیا فائدہ؟ ترجمہ [illegible] ماذا یستعجل منه المجرمون کا ترجمہ حضرت شاہ صاحب نے [illegible] سوال کیا ہے۔ بعض مفسرین نے یہ مطلب لیا ہے کہ عذاب الٰہی [illegible] اور سننے کی بات ہے [illegible] جلدی طلب کر رہے ہیں۔ یا یہ تعجب کا مقام ہے کہ مجرم کیسی سخت [illegible] کے لئے جلدی مچا رہے ہیں۔ [illegible] آنے والی سزا کے تصور سے [illegible] (تفسیر عثمانی)

عذاب کی جلدی کیوں مچاتے ہیں؟

[illegible] عذاب جلد آنے کے طلب گار تھے۔ ایک شخص نے کہا تھا اے اللہ اگر یہ حق ہے تیری طرف سے [illegible] ہم پر آسمان سے پتھر برسا یا کوئی اور دردناک عذاب ہم پر لے آ۔ اللہ [illegible] عذاب میں [illegible] عذاب کے آنے کی جلدی مچا رہے ہیں۔ [illegible]

[illegible] مطلب یہ ہوگا کہ اگر اللہ کا عذاب تم پر آ گیا تو اس وقت [illegible] طلب میں جلدت کرو گے کیا [illegible] عذاب مانگو گے [illegible] (تفسیر مظہری)

اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ۭ اٰۗلْــٰٔنَ وَقَدْ
کیا پھر جب عذاب واقع ہو چکے گا تب اس پر یقین کرو گے اب
كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝
قائل ہوئے اور تم اسی کا تقاضا کرتے تھے

دراصل تمہیں یقین نہیں ہے

یعنی عذاب کے لئے جلدی کرنا اس بات کی علامت ہے کہ تمہیں اس کے آنے کا یقین نہیں، اس وقت یقین [illegible] کرنے کی کوشش کرتے۔ عذاب آ پہنچنے کے بعد یقین کرو تو کیا فائدہ ہوگا۔ اس وقت خدا کی طرف سے کہہ دیا جائے گا کہ [illegible] پہلے سے جھٹلاتے رہے۔ [illegible] جھٹلانے اور مذاق اڑانے کی نیت سے تھا، اس وقت اقرار کرنے سے کچھ نفع نہیں فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ

فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ۭ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ (المومن ۔ ۸۵)

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ
پھر کہیں گے گنہگاروں کو چکھتے رہو عذاب
الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ۝
ہمیشہ کا وہی بدلہ ملتا ہے جو کچھ کرتے تھے

کفر و شرک کا مزا

جو کفر و شرک اور تکذیب کرتے رہے تھے اب ہمیشہ اس کا مزا چکھتے رہو [illegible]

وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ڼ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ
اور تجھ سے خبر پوچھتے ہیں کیا سچ ہے یہ بات تو کہہ البتہ قسم
اِنَّهٗ لَحَقٌّ ړ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝
میرے رب کی یہ سچ ہے اور تم تھکا نہ سکو گے

موت کے بعد زندگی حق ہے

یعنی [illegible] سے پوچھتے ہیں کیا یہ سچ ہے کہ ہم موت کے بعد [illegible] سزا ملے گی [illegible] کیا واقعی [illegible] خاک میں مل کر [illegible] ہم کو پھر جی اٹھایا جائے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] یہ بالکل حق ہے [illegible] [illegible] اس سے [illegible] نہیں کر سکتے [illegible] بھاگ کر [illegible] نہیں کہ اس کے قبضے سے نکل بھاگو اور فرار ہو کر (معاذ اللہ) اسے عاجز کر سکو۔ (تفسیر عثمانی) اس آیت کے مثل [illegible] قرآن کریم میں ہیں۔ ایک سورۂ سبا میں "وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا السَّاعَةُ ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ" دوسری تغابن میں "زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ" [illegible] قیامت اور معاد کے متعلق [illegible] [illegible] معاد کے متعلق کیا ہے۔

وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي
اور اگر ہو ہر شخص گنہگار کے پاس جتنا کچھ ہے

الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ

زمین میں البتہ دے ڈالے اپنے بدلے میں

یعنی اگر روئے زمین کے خزانے فرض کرو اس کے قبضہ میں ہوں تو کوشش کرے کہ سب دے کر خدا کے عذاب سے بچ کر رہ جائے۔

وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ

اور چھپے چھپے پچھتائیں گے جب دیکھیں گے عذاب

وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ

اور ان میں فیصلہ ہوگا انصاف سے اور ان پر ظلم نہ ہوگا

پھر سب کو ندامت ہوگی:

دل میں اپنی حرکتوں پر پشیمان ہوں گے اور چاہیں گے کہ لوگوں پر پشیمانی کا اظہار نہ ہو، مگر کب تک چھپا سکیں گے، آخر بے اختیار ظاہر ہو کر رہے گی اس وقت کہیں گے یٰحَسْرَتٰی عَلٰی مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْبِ اللّٰهِ اور یٰوَیْلَنَا قَدْ کُنَّا فِیْ غَفْلَۃٍ مِّنْ هٰذَا۔

أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

سن رکھو اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں

أَلَا إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ

سن رکھو وعدہ اللہ کا سچ ہے

اللہ انصاف کر کے رہے گا:

یعنی سارے جہان میں حکومت صرف اللہ کی ہے۔ انصاف ہو کر رہے گا۔ کوئی مجرم نہ کہیں بھاگ سکتا ہے نہ رشوت دے کر چھوٹ سکتا ہے۔

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ

پر بہت لوگ نہیں جانتے

یعنی بے سمجھی اور غفلت سے اکثر لوگ ان حقائق کو نہیں سمجھتے۔ اس لئے جو زبان پر آتا ہے بک دیتے ہیں اور جو جی میں آئے کرتے ہیں۔

هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کی طرف پھر جاؤ گے

جلانا اور مارنا جب اسی کا فعل ہے تو دوبارہ زندہ کرنا کیا مشکل ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن

اے لوگو تمہارے پاس آئی ہے نصیحت

رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى

تمہارے رب سے اور شفاء دلوں کے روگ کی اور ہدایت

وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

اور رحمت مسلمانوں کے واسطے

نسخۂ شفاء:

یہ سب صفات قرآن کریم کی ہیں۔ قرآن سرتاسر نصیحت ہے جو لوگوں کو نیک اور معقول باتیں سمجھاتا ہے، دلوں کی بیماریوں کے لئے نسخۂ شفاء ہے۔ وصول الی اللہ اور رضائے خداوندی کا راستہ بتاتا ہے اور اپنے ماننے والوں کو دنیا و آخرت میں رحمت الٰہیہ کا مستحق ٹھہراتا ہے۔

نفس انسانی کے مراتب:

بعض محققین کے نزدیک اس آیت میں نفس انسانی کے مراتب کمال کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی جو شخص قرآن کریم سے تمسک کرے اس کو چار مراتب حاصل ہو سکتے ہیں۔ (۱) اپنے ظاہر کو ناشائستہ افعال سے پاک کرنا۔ "موعظۃ" میں اسی کی طرف اشارہ ہے (۲) باطن کو عقائد فاسدہ اور ملکات ردیہ سے خالی کرنا جو "شِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ" سے مفہوم ہوتا ہے۔ (۳) نفس کو عقائد حقہ و اخلاق فاضلہ سے آراستہ کرنا، جس کے لئے لفظ "ہدیٰ" زیادہ مناسب ہے۔ (۴) ظاہر و باطن کی درستی کے بعد انوار رحمت الٰہیہ کا نفس پر فائض ہونا، جو لفظ "رحمت" کا مدلول ہے۔ امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ نے جو تقریر کی ہے اس میں ان چار لفظوں سے شریعت، طریقت، حقیقت اور نبوت و خلافت کی طرف علی الترتیب اشارہ کیا ہے۔ یہاں اس کی تفصیل کا موقع نہیں اور شائقین حضرات اہل تفسیر کی کتب میں دیکھ سکتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

دلوں کی شفاء:

قرآن کریم کی دوسری صفت وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ ارشاد فرمائی۔ شفاء کے معنی بیماری دور ہونے کے ہیں اور صدور، صدر کی جمع ہے جس کے معنی سینہ کے ہیں، مراد اس سے قلب ہے۔

معنی یہ ہیں کہ قرآن کریم دلوں کی بیماریوں کا کامیاب علاج اور صحت و شفاء کا نسخہ اکسیر ہے۔ حضرت حسن بصری نے فرمایا کہ قرآن کی اس صفت سے معلوم ہوا کہ وہ خصوصیت سے دلوں کی بیماری کے لئے شفاء ہے، جسمانی بیماریوں

[illegible] پیدا نہیں ہوتی۔

تم دوسرے اعتراضات سے قطع نظر کر کے دیکھو کہ حقیقت قرآن میں بیماری کی شفاء [illegible] روحانی ہو یا جسمانی [illegible] روحانی بیماریوں کی تو حق تعالیٰ نے [illegible] اس کا علاج بھی [illegible] کیا ہے [illegible] جسمانی بیماریوں کے لئے شفا بخش ہے۔

جسمانی بیماریوں کا علاج

روایات [illegible] قرآن کریم [illegible] قلبی اور بدنی [illegible] جسمانی بیماریوں کی شفا بھی بیان ہوئی ہے۔

حضرت ابو سعید خدریؓ کی روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میرے سینے میں تکلیف ہے۔ آپ نے فرمایا کہ قرآن پڑھا کرو کیونکہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ یعنی قرآن شفاء ہے ان بیماریوں کی جو سینوں میں ہوتی ہیں۔ [illegible]

اسی طرح حضرت واثلہ بن اسقعؓ کی روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور بیان کیا کہ میرے حلق میں تکلیف ہے، آپ نے اس کو بھی یہی فرمایا کہ قرآن پڑھا کرو۔

امام غزالیؒ کی تالیف

خود امت کے [illegible] علماء نے [illegible] آیات قرآنی کے [illegible] مستقل کتابوں میں جمع کر دیے ہیں۔ امام غزالیؒ کی کتاب خواص قرآنی اس کے بیان میں مشہور و معروف ہے جس کی تلخیص حضرت حکیم الامت مولانا تھانویؒ نے اعمال قرآنی کے نام سے فرمائی ہے۔ اور مشاہدات و تجربات [illegible] ہیں کہ ان کا انکار نہیں ہو سکتا کہ قرآن کریم کی مختلف آیتیں مختلف امراض [illegible] کے لئے بھی [illegible] ہوتی ہیں۔ [illegible] قرآن کا اصلی مقصد قلب و روح کی بیماری ہی کو دور کرنا ہے [illegible] ضمنی طور پر جسمانی بیماریوں کا بھی علاج ہو جاتا ہے۔

لوگوں کی ناواقفی

اس سے ان لوگوں کی [illegible] ناواقفی بھی ظاہر ہو گئی جو قرآن کریم کو صرف جسمانی بیماریوں کے علاج یا دنیوی حاجات ہی کے لئے پڑھتے پڑھاتے ہیں [illegible] روحانی امراض [illegible] کی طرف دھیان نہیں دیتے [illegible] ہدایات پر عمل کرنے کی طرف توجہ [illegible] ایسے ہی لوگوں کے

[illegible]

[illegible]

[illegible] (روح المعانی)

بیداری کا پیغام

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ اے لوگو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک نصیحت آئی یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ قرآن مجید آگیا۔ [illegible] ایک نصیحت ہے [illegible] کام [illegible] کا حکم [illegible] اس کا نتیجہ [illegible] ہے۔

غلط عقائد کا علاج

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ اور دلوں کی بیماری کے لئے شفا ہے [illegible] امراض قلبی سے مراد [illegible] غلط عقائد [illegible]

وَهُدًى اور ہدایت ہے [illegible] صحیح عقائد [illegible] اللہ کے قرب [illegible] درجات [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا [illegible] قیامت کے دن [illegible] قرآن پڑھنے والے سے کہا جائے گا کہ پڑھتا جا اور چڑھتا جا [illegible] جس طرح [illegible] دنیا میں [illegible] تیرا درجہ وہاں ہے جہاں تک آخری آیت پڑھتے پڑھتے پہنچے گا [illegible]

[illegible]

[illegible]

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طبیب روحانی ہونے کی دلیل

[illegible] کے طبیب [illegible] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے طبیب روحانی ہونے کی دلیل [illegible] قرآن کریم کا [illegible] اور فضیلت بیان کرنے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت و رسالت کا اثبات ہے [illegible] لوگوں کو [illegible] طب روحانی کی طرف رجوع کرنے کی

[illegible]

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ

کہہ اللہ کے فضل سے اور اس کی مہربانی سے سو اسی پر ان کو خوش ہونا چاہئے

فَلْيَفْرَحُوْا

خوش ہونا:

[illegible]

اللہ کا فضل اور رحمت:

[illegible]

هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ

یہ بہتر ہے ان چیزوں سے جو جمع کرتے ہیں

اصل چیز فضل و رحمت ہے

[illegible]

عراق کا خراج:

[illegible]

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ

[illegible]

فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا قُلْ آٰللّٰهُ

[illegible]

اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ

[illegible]

حلال و حرام قرآن بتاتا ہے

[illegible]

رزق لوح محفوظ سے اترتا ہے

[illegible]

[illegible]

وَمَا ظَنُّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّٰهِ

اور کیا خیال ہے جھوٹ باندھنے والوں کا

الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ

اللہ پر قیامت کے دن

سزا ٹل نہیں سکتی:

[illegible]

إِنَّ اللّٰهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

بیشک اللہ تو فضل کرنے والا ہے لوگوں پر اور لیکن

أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ۚ

بہت لوگ شکر نہیں کرتے

بہت کم لوگ قدر دان ہوتے ہیں:

[illegible]

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُوا مِنْهُ مِنْ

اور نہیں ہوتے تم کسی حال میں اور نہ پڑھتے ہو اس میں سے کچھ

قُرْاٰنٍ وَلَا تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلَّا كُنَّا

قرآن اور نہیں کرتے ہو تم لوگ کوئی کام مگر

عَلَيْكُمْ شُهُودًا إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ ۚ وَمَا

ہم ہوتے ہیں حاضر تمہارے پاس جب تم مصروف ہوتے ہو

يَعْزُبُ عَنْ رَبِّكَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي

اس میں اور غائب نہیں رہتا تیرے رب سے ایک ذرہ بھر

الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِنْ

زمین میں اور نہ آسمان میں اور نہ چھوٹا اس سے

ذٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ إِلَّا فِي كِتٰبٍ مُبِينٍ ۝

اور نہ بڑا مگر ہے کھلی کتاب میں

ہر عمل اللہ کے سامنے ہے

[illegible]

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ
یاد رکھو جو لوگ اللہ کے دوست ہیں نہ ان پر کوئی خوف ہوگا
يَحْزَنُونَ
غمگین ہوں گے

اولیاء بے خوف ہوں گے

علامہ بغوی نے روایات حدیث کی بنا پر اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ "اولیاء اللہ" (خدا کے دوستوں) کو آخرت میں احوال [illegible] کا کوئی خوف نہیں ہوگا اور دنیا کے چھوٹ جانے پر غمگین نہ ہوں گے۔ بعض مفسرین نے آیت کو عام رکھا ہے یعنی ان پر اندیشہ ناک حوادث کا اثر نہ دنیا میں ہوگا نہ آخرت میں۔ اور نہ کسی مطلوب کے فوت ہونے پر وہ مغموم ہوتے ہیں۔ تو خوف سے خوف آخرت اور غم سے غم آخرت کی نفی مراد نہیں، بلکہ دنیا میں وقتی خوف و غم کی نفی مراد ہے جس کا ثبوت [illegible] اور تجربہ سے ہو سکتا ہے، وہ ہمیشہ مطمئن [illegible] ہیں۔ ہر وقت ان [illegible] ہے اور تمام واقعات تقدیر کے حوالہ [illegible] اعتقاد رکھتے ہیں۔ اسی اعتقاد کے اعتماد سے انہیں خوف و غم نہیں ہوتا۔ میرے نزدیک "لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ" کا مطلب یہ لیا جائے کہ اولیاء اللہ پر کوئی خوفناک چیز (ہلاکت یا سخت نقصان) دنیا و آخرت میں واقع ہونے والی نہیں۔ اگر فرض کیجئے دنیا میں صورتاً کوئی نقصان پہنچ بھی جائے تو چونکہ نتیجہ و انجام کے لحاظ سے وہ نفع عظیم اور سود مند ہے اس لئے اس کو حقیقۃً نقصان نہیں کہا جا سکتا۔ رہا کسی حبیب وغیرہ کی یا [illegible] کی وجہ سے ان کو کسی وقت خوف لاحق ہونا، تو ولایت کی اس تقریر کے منافی نہ ہوگا کیونکہ آیت سے صرف یہ خبر ملی ہے کہ ان پر کوئی خوفناک چیز نہ آ سکے گی، یہ نہیں کہا گیا کہ کسی وقت خوف لاحق نہ ہوگا۔ شاید لا یحزنون کے مناسب لا یخافون نہ فرمانے اور لا خوف علیہم کی تعبیر اختیار کرنے میں یہی نکتہ ہو۔ باقی لا یحزنون کا تعلق میرے نزدیک مستقبل سے ہے یعنی موت کے وقت اور موت کے بعد غمگین نہ ہوں گے جیسے فرمایا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا (ان پر فرشتے اتریں گے [illegible]) اور فرمایا لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ (بڑی گھبراہٹ [illegible]) واللہ اعلم بمرادہ (تفسیر مظہری)

اولیاء اللہ کون ہیں؟

عبداللہ بن مسعود اور ابن عباس کہتے ہیں کہ اولیاء اللہ وہ لوگ ہیں جو ہر وقت ذکر و فکر خداوندی میں [illegible] سعید بن جبیر سے مروی ہے کہ ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ اولیاء اللہ کون ہیں؟ تو فرمایا کہ وہ لوگ کہ جب وہ نظر آئیں تو خدا یاد آ جائے۔ ابن جریر نے [illegible] روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ کے بندوں میں ایسے بھی ہیں جن پر انبیاء و شہداء بھی رشک کرتے ہیں۔ پوچھا گیا یا رسول اللہ وہ کون لوگ ہیں ہم بھی ان سے محبت رکھیں گے۔ فرمایا انہیں کے لئے بھی [illegible] وہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کا کوئی تعلق نہ نسب کا نہ مال کا مگر صرف خدا تعالیٰ کے لئے ایک دوسرے کو چاہتے ہیں۔ ان کے چہرے نورانی ہیں، وہ نور کے منبروں پر ہیں۔ لوگ جہاں خوف سے گھبرا رہے ہیں وہاں ان پر کوئی خوف نہیں۔ لوگوں پر رنج و غم طاری ہے اور ان کو رنج سے کوئی واسطہ نہیں۔ ابو مالک اشعری سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مختلف قبائل سے اور [illegible] اطراف سے جمع ہوں گے اور ان میں کوئی رشتہ داری نہ ہوگی بلکہ اللہ تعالیٰ کی خاطر آپس میں ایک دوسرے کو دوست رکھتے ہوں گے اور خلوص و محبت ہوگی۔ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ ان کے لئے نور کے منبر [illegible] جس پر وہ بیٹھے ہوں گے۔ لوگ قیامت میں پریشان ہوں گے [illegible] لیکن وہ مطمئن۔ اللہ تعالیٰ کے اولیاء یہی لوگ ہیں۔ ([illegible])

ولایت کے درجات

ولایت خاصہ کے درجات بیشمار اور غیر متناہی ہیں۔ [illegible] انبیاء علیہم السلام کا حصہ ہے [illegible] اللہ کا ولی ہے [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ ادنیٰ درجہ [illegible] وہ ہے جس کو صوفیہ کی اصطلاح میں [illegible] کہا جاتا ہے [illegible] ہے کہ آدمی کا قلب اللہ تعالیٰ کی یاد میں ایسا مستغرق ہو [illegible] اس پر غالب آ جائے [illegible] نفرت کرتا ہے [illegible] اپنی ذات کا کوئی حصہ [illegible] اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں مشغول [illegible] اللہ تعالیٰ کے [illegible] دوام طاعت [illegible] [illegible] جس میں یہ دونوں [illegible] جس میں یہ دونوں موجود ہوں [illegible] اولیاء [illegible]

ایک حدیث میں بروایت حضرت ابو [illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ [illegible] اولیاء اللہ [illegible] ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ وہ لوگ جو خالص اللہ [illegible] محبت کرتے

ہیں کوئی دنیاوی غرض درمیان میں نہیں ہوتی۔ (مظہری از ابن مردویہ) بطور ظاہر ہے کہ یہ حالت انہیں لوگوں کی ہو سکتی ہے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔

ولایت حاصل کرنے کا طریقہ:

یہاں ایک سوال اور بھی پیدا ہوتا ہے کہ اس درجۂ ولایت کے حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر مظہری میں فرمایا کہ امت کے افراد کو یہ درجۂ ولایت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے فیض صحبت سے حاصل ہو سکتا ہے اسی سے تعلق مع اللہ کا وہ رنگ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا اپنے حوصلے کے مطابق ان کا کوئی حصہ امت کے اولیاء کو ملتا ہے، پھر یہ فیض صحبت صحابہ کرام کو بلا واسطہ حاصل تھا اسی وجہ سے ان کا درجۂ ولایت تمام امت کے اولیاء و اقطاب سے بالاتر تھا، بعد کے لوگوں کو یہی فیض ایک واسطہ یا چند واسطوں سے حاصل ہوتا ہے جتنے واسطے بڑھتے جاتے ہیں اتنا ہی اس میں فرق پڑتا ہے، یہ واسطہ صرف وہی لوگ بن سکتے ہیں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے رنگ میں رنگے ہوئے آپ کی سنت کے پیرو ہیں ایسے لوگوں کی کثرت سے مجالست اور محبت جب کہ اس کے ساتھ ان کے ارشادات کی پیروی اور اطاعت اور ذکر اللہ کی کثرت بھی ہو یہی نسخہ ہے درجۂ ولایت حاصل کرنے کا، جو تین جزء سے مرکب ہے، کسی ولی اللہ کی صحبت، اس کی اطاعت اور ذکر اللہ کی کثرت، بشرطیکہ یہ کثرت ذکر مسنون طریقہ پر ہو، کیونکہ کثرت ذکر سے آئینۂ قلب کو جلا ہوتی ہے جو وہ انوار ولایت کے انعکاس کے قابل ہو جاتا ہے حدیث میں ہے کہ ہر چیز کے لئے صیقل اور صفائی کا کوئی طریقہ ہوتا ہے، قلب کی صیقل ذکر اللہ سے ہوتی ہے، اس کو بیہقی نے بروایت ابن عمر نقل فرمایا ہے۔ (مظہری)

اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ ایک شخص نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ آپ اس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو کسی جماعت سے محبت کرتا ہے مگر عمل کے اعتبار سے ان کے درجہ تک نہیں پہنچا؟ آپ نے فرمایا المرء مع من احب یعنی ہر شخص اسی کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اولیاء اللہ کی صحبت و محبت انسان کے لئے حصول ولایت کا ذریعہ ہے، اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت رزین کی روایت سے نقل کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت رزینؓ سے فرمایا کہ میں تمہیں دین کا ایسا اصول بتلاتا ہوں جس سے تم دنیا و آخرت کی فلاح و کامیابی حاصل کر سکتے ہو، وہ یہ ہے کہ اہل ذکر کی مجالس و صحبت کو لازم پکڑو اور جب تنہائی میں جاؤ تو جتنا زیادہ ہو سکے اللہ کے ذکر سے اپنی زبان کو حرکت دو، اور جس سے محبت کرو صرف اللہ کے لئے کرو، اور جس سے عداوت کرو تو اللہ کے لئے کرو۔ (مظہری)

مگر یہ صحبت و مجالست انہیں لوگوں کی مفید ہے جو خود ولی اللہ تبع سنت ہوں اور جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے تابع نہیں وہ خود درجۂ ولایت سے محروم ہیں، خواہ کشف و کرامات ان سے کتنے ہی صادر ہوں۔ اور جو شخص مذکورہ صفات کے اعتبار سے ولی ہو اگر چہ اس سے کبھی کوئی کشف و کرامت ظاہر نہ ہوئی ہو وہ اللہ کا ولی ہے۔ (مظہری)

اولیاء کی پہچان:

اور اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو کوئی ہے آسمان اور زمین میں خوشی سے
وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ
اور زور سے اور ان کی پرچھائیاں صبح اور شام

ہر چیز اللہ کو سجدہ کرتی ہے:

حضرت شاہ صاحب لکھتے ہیں "جو بندہ یقین یا خوشی سے سر رکھتا ہے تو اس کے تحمل پر اور جو نہ یقین لایا آخر اس پر بھی بے اختیاری کا حکم جاری ہے اور پرچھائیں صبح اور شام زمین پر پڑ جاتی ہیں یہی ہے ان کا سجدہ" مطلب یہ ہے کہ تمام جسمانی اور روحانی کوئی چیز اللہ کے حکم کی تکوین سے باہر نہیں ہو سکتی۔ ان کے ظل و اقتدار کے سامنے سب متذلل اور سر بسجود ہیں۔ سایہ کا گھٹنا بڑھنا بے اختیاری سب اسی کے زور اور مشیت سے ہے۔ صبح شام کا ذکر شاید اس لئے کیا کہ ان وقتوں میں زمین پر سایہ کا پھیلاؤ زیادہ نمایاں ہوتا ہے۔ (تفسیر عثمانی)

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلِ
پوچھ کون ہے رب آسمان اور زمین کا کہہ دے اللہ ہے کہہ
اللّٰهُ ۭ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ لَا
پھر کیا تم نے پکڑے ہیں اس کے سوا ایسے حمایتی
يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۭ
جو مالک نہیں اپنے بھلے اور برے کے

جو رب ہے وہی معبود ہے۔

یعنی جب ربوبیت کا اقرار صرف خدا کیلئے کرتے ہو پھر دوسروں کے سے حاجتیں کیوں مانگتے ہو۔ حالانکہ وہ خود اپنے نفع نقصان کا مستقل اختیار نہیں رکھتے۔

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ڏ اَمْ
کہہ کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور دیکھنے والا یا

هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ڬ
کہیں برابر ہے اندھیرا اور اجالا

موحد اور مشرک:

یعنی موحد و مشرک میں ایسا فرق ہے جیسے بینا اور نابینا میں اور توحید و شرک کا مقابلہ ایسا سمجھو جیسے نور کا ظلمت سے۔ تو کیا ایک اندھا مشرک جو شرک کی اندھیریوں میں پڑا ہوا ٹھوکریں کھا رہا ہو اس موحد کے برابر ہو سکتا ہے جو بصیرت اور انبیاء علیہم السلام کی روشنی میں فطرت انسانی کے صاف راستہ پر چل رہا ہے۔ ہرگز دونوں ایک حکم میں نہیں ہو سکتے۔ (تفسیر عثمانی)

بے بصیرت اور صاحب بصیرت آدمی:

نابینا سے مراد ہے بے بصیرت ... بصیر سے مراد وہ بصیرت مند آدمی جو اپنی بصیرت سے عبادت کی حقیقت اور تقاضوں کو سمجھتا ہو اور جانتا ہو کہ عبادت کا سزاوار کون ہے کس کی عبادت کی جائے اور کس کی عبادت ... ظلمات سے مراد ... اور نور سے مراد ... (تفسیر مظہری)

اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَاۗءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ
کیا ٹھہرائے ہیں انہوں نے اللہ کے لئے شریک کہ انہوں نے کچھ
فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ
پیدا کیا ہے جیسے پیدا کیا اللہ نے پھر مشتبہ ہو گئی پیدائش ان کی نظر
كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ
میں کہہ اللہ ہے پیدا کرنے والا ہر چیز کا اور وہی ہے اکیلا زبردست

کیا بتوں نے بھی مخلوق پیدا کی ہے:

یعنی جیسی مخلوقات خدا تعالیٰ نے پیدا کی، کیا تمہارے دیوتاؤں نے ایسی کوئی چیز پیدا کی ہے جسے دیکھ کر تم کو ان پر خدائی کا شبہ ہونے لگا۔ وہ تو ایک مکھی یا ایک مچھر کی ٹانگ بھی نہیں بنا سکتے۔ تمام چیزیں اسی طرح خود ان کی ہستی بھی خدا کی مخلوق ہیں۔ پھر ایسی عاجز مجبور چیزوں کو خدائی کے تخت پر بٹھا دینا کس قدر گستاخی اور شرمناک شرک ہے۔ (تفسیر عثمانی)

خدا کے سوا کوئی خالق نہیں ... جس کو وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اگر وہ کسی چیز کو پیدا کرنا چاہے تو اس کا پیدا

[illegible]

شرک سے حفاظت

[illegible]

[illegible]

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ

اتارا اس نے آسمان سے پانی پھر بہنے لگے نالے

بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا

اپنی اپنی موافق پھر اوپر لے آیا وہ نالہ جھاگ پھولا ہوا

وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ

اور جس چیز کو دھکاتے ہیں آگ میں واسطے زیور کے

حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ

یا اسباب کے اس میں بھی جھاگ ہے ویسا ہی یوں

يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۚ فَأَمَّا الزَّبَدُ

بیان (ظاہر) کرتا ہے اللہ حق اور باطل کو سو وہ جھاگ

فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ

تو جاتا رہتا ہے سوکھ کر اور وہ جو کام آتا ہے لوگوں کے

فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ

سو باقی رہتا ہے زمین میں یوں بیان کرتا ہے

اللَّهُ الْأَمْثَالَ

[illegible]

حق و باطل کی مثال

[illegible]

خیر اور راحت کی مثال

[illegible]

نے آگ جلائی۔ جب آگ نے اپنے آس پاس کی چیزیں روشن کر دیں تو پتنگے اور پروانے (وغیرہ) کیڑے اس میں گر کر جان دینے لگے۔ وہ شخص ہر چند روکتا ہے لیکن وہ پھر بھی اس میں گرے جاتے ہیں۔ یہی مثال میری اور تمہاری ہے کہ میں تمہاری کمر پکڑ کر تمہیں روکتا ہوں اور کہہ رہا ہوں کہ آگ سے پرے ہٹو لیکن تم میری نہیں سنتے نہیں مانتے۔ مجھ سے چھوٹ چھوٹ کر آگ میں گرے چلے جاتے ہو۔ (تفسیر ابن کثیر)

لِلَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَىٰ
جنہوں نے مانا اپنے رب کا حکم ان کے واسطے بھلائی ہے

ایمان و عمل کا اجر:

یعنی ایمان و عمل صالح اختیار کیا ان کے لئے دنیا و آخرت کی بھلائی ہے حقیقی خوشی اور کامیابی حقیقت میں ان کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہوگی۔

وَالَّذِينَ لَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُمْ مَا
اور جنہوں نے اس کا حکم نہ مانا اگر ان کے پاس ہو جو کچھ
فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَا
کہ زمین میں ہے سارا اور اتنا ہی اس کے ساتھ اور تو سب دے ڈالیں
فْتَدَوْا بِهِ
(اپنے) بدلے (چھڑانے) میں

انکار کی سزا: یعنی یہاں تو خیر جس طرح گذر گئی لیکن آخرت میں ان کی حالت ایسی پریشانی اور گھبراہٹ کی ہوگی کہ اگر تمام دنیا کے خزانے ان کے ہاتھ میں ہوں بلکہ اتنے ہی اور بھی تو تمنا کریں گے کہ ہم یہ سب فدیہ میں دے کر اس پریشانی سے چھوٹ جائیں مگر اس کا موقع کہاں۔

أُولَٰئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ
ان لوگوں کے لئے ہے برا حساب

یعنی حساب میں کسی قسم کی رعایت اور درگزر نہ ہوگی ایک ایک بات پر پوری طرح پکڑے جائیں گے۔

وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ أَفَمَنْ
اور ٹھکانا ان کا دوزخ ہے اور وہ بری (جا بچھونا) آرام کی جگہ ہے بھلا

يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ الْحَقُّ
جو شخص جانتا ہے کہ جو کچھ اترا تجھ پر تیرے رب سے حق ہے برابر
كَمَنْ هُوَ أَعْمَىٰ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ
ہو سکتا ہے اس کے جو اندھا ہے سمجھتے وہی ہیں جن کو عقل ہے

حکمت کا تقاضا:

مومن و کافر (اندھے) کا الگ الگ انجام ذکر فرمانے کے بعد متنبہ کرتے ہیں کہ ایسا ہونا عین عقل و حکمت کے موافق ہے۔ کوئی عقل مند سوچے کہ کیا ایک بینا اور اندھا جسے کچھ نظر نہ آئے یکساں ہو سکتے ہیں؟ اہل حق اور اہل باطل میں بھی جو انکار کر رہا ہو اس شخص کی برابری کر سکتا ہے جس کے دل کی آنکھیں کھلی ہیں اور پوری بصیرت کے ساتھ حق کی روشنی سے مستفید ہو رہا ہے۔

الَّذِينَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَلَا يَنْقُضُونَ
وہ لوگ جو پورا کرتے ہیں اللہ کے عہد کو اور نہیں
الْمِيثَاقَ
توڑتے اس عہد کو

ایفائے عہد:

یعنی اللہ سے جو عہد ازل میں ہو چکا ہے (عہد الست) جس پر انسان کی فطرت خود گواہ ہے اور جو انبیاء کی زبانی عہد لئے گئے ان سب کو پورا کرتے ہیں، کسی کو توڑتے نہیں۔ جو جو عہد خود کسی معاملہ میں خدا سے یا بندوں سے کر لیں یا باندھتے ہیں (بشرطیکہ معصیت نہ ہو) اس کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔ (تفسیر عثمانی)

صحابہ کرام کا ایفائے عہد:

ابوداؤد نے بروایت عوف ابن مالکؓ یہ حدیث نقل کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے اس پر عہد اور بیعت لی کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گے اور پانچ وقت نماز کو پابندی سے ادا کریں گے اور اپنے امراء کی اطاعت کریں گے اور کسی سے کوئی چیز سوال نہ کریں گے۔

جو لوگ اس بیعت میں شریک تھے ان کا عمل پابندی عہد میں یہ تھا کہ اگر گھوڑے پر سواری کے وقت ان کے ہاتھ سے کوڑا گر جاتا تو کسی انسان

[illegible] سے ناز کرتے تھے۔

یہ تو آپ نے سنا ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و عقیدت اور جذبہ اطاعت کا [illegible] یہ ظاہر تھا کہ اس طرح [illegible] ہر صحابی [illegible] حکم فرمانے کا منتظر رہتا تھا جیسے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ایک مرتبہ مسجد میں داخل ہو رہے تھے اور [illegible] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے اور اتفاق سے ان کے داخلِ مسجد کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے یہ کلمہ نکلا کہ ’’بیٹھ جاؤ‘‘ عبداللہ بن مسعودؓ جانتے تھے کہ اس کا یہ مطلب نہیں کہ جو کوئی جہاں ہو وہیں بیٹھ جائے [illegible] مگر جذبہ اطاعت نے ان کو آگے قدم نہ بڑھانے دیا اور دروازے سے باہر ہی جہاں یہ آواز کان میں پڑی اسی جگہ بیٹھ گئے۔ (معارف القرآن)

وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ
اور وہ لوگ جو ملاتے ہیں جس کو اللہ نے فرمایا ملانا

صلہ رحمی:

یعنی صلہ رحمی کرتے ہیں یا ایمان و عمل کے ساتھ یا حقوق العباد کو حقوق اللہ کے ساتھ ملاتے ہیں یا اسلامی اخوت کو قائم رکھتے ہیں۔ یا انبیاء علیہم السلام میں تفریق نہیں کرتے کہ کسی کو مانیں کسی کو نہ مانیں۔ (تفسیر عثمانی)

قطع رحمی کی سزا:

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کا بیان ہے میں نے خود سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے اللہ نے فرمایا ہے میں ہی اللہ ہوں میں ہی رحمن ہوں میں نے رحم کو پیدا کیا ہے اور اپنے نام (رحمن) سے نکال کر اس کا نام رکھا ہے جو اس کو جوڑے رکھے گا میں اس کو (اپنے ساتھ) جوڑے رکھوں گا اور جو اس کو کاٹے گا میں اس سے قطع تعلق کر لوں گا۔ رواہ ابوداؤد۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا۔ جب [illegible] فارغ ہو گیا تو رحم [illegible] اللہ نے فرمایا [illegible] رحم نے عرض کیا یہ اس کی جگہ ہے جو قطع تعلق سے تیری پناہ چاہتا ہے اللہ نے فرمایا کیا تو اس بات سے خوش نہیں کہ جو تجھے جوڑے رکھے گا میں اس سے (اپنا تعلق) جوڑے رکھوں گا اور جو تجھے توڑے گا میں اس سے قطع تعلق کر لوں گا۔ رحم نے عرض کیا بیشک میں اس پر راضی ہوں اللہ نے فرمایا پس یہ (تیرے لئے) ہے۔ (متفق علیہ)

بغوی [illegible] نے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن تین چیزیں عرش کے نیچے ہوں گی۔ قرآن مجید [illegible] قرآن [illegible] سے [illegible]

[illegible] آپ [illegible] جنت [illegible] (ترمذی) [illegible]

حضرت انس بن مالکؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چاہتا ہو کہ اللہ اس کے رزق میں وسعت اور عمر میں درازی عطا کرے تو اس کو چاہئے کہ رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرے۔ (متفق علیہ)

حضرت ابو ایوب انصاریؓ راوی ہیں کہ ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کی لگام پکڑ لی اور عرض کیا مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جو مجھے جنت سے قریب اور دوزخ سے دور کر دے۔ فرمایا اللہ کی عبادت کر، کسی چیز کو اس کا شریک نہ قرار دے، نماز قائم کر، زکوٰۃ ادا کر اور رشتہ داروں [illegible] (مسلم)

صلہ رحمی کا مطلب:

حضرت عبداللہ بن عمروؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رشتہ داری جوڑنے والا وہ نہیں جو بدلہ میں [illegible] بلکہ جوڑنے والا وہ ہے کہ [illegible] (بخاری) [illegible]

سب سے پہلا حقدار:

حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف سے حسن سلوک کا سب سے زیادہ مستحق کون ہے؟ فرمایا تیری ماں، اس نے عرض کیا اس کے بعد؟ فرمایا تیری ماں، اس نے عرض کیا اس کے بعد؟ فرمایا تیری ماں، اس نے عرض کیا اس کے بعد؟ فرمایا تیرا باپ۔ دوسری روایت میں [illegible] کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر قرابت دار جس قدر قریب ہو۔ (متفق علیہ)

حضرت [illegible] راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible]

حضرت [illegible] راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے نسب [illegible] رشتہ داروں [illegible]

وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ
اور ڈرتے ہیں اپنے رب سے اور اندیشہ رکھتے ہیں برے حساب کا

خوفِ خدا: یعنی حق تعالیٰ کی عظمت و جلال کا تصور کر کے [illegible]

رہتے ہیں اور یہ اندیشہ لگا رہتا ہے کہ دیکھئے وہاں جب دو دو ہاتھ کا حساب ہوگا کیا صورت پیش آئے گی۔ (تفسیر عثمانی)

وَالَّذِیْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ
اور وہ لوگ جنہوں نے صبر کیا خوشی کو اپنے رب کی

تکلیفوں پر صبر:

یعنی مصائب و شدائد اور دنیا کی کروہات پر صبر نہیں۔ کسی تنگی سے گھبرا کر طاعت کے راستے سے قدم نہیں ہٹایا نہ معصیت کی طرف جھکے۔ وہ یہ صبر و استقلال محض اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے دکھلایا۔ اس لئے نہیں کہ دنیا انہیں بہت صابر اور مستقل مزاج کہے۔ نہ اس لئے کہ بجز صبر کے چارہ نہ پاتا مجبور ہو گئے تو صبر کر کے بیٹھ رہے۔ (تفسیر عثمانی)

کون سا صبر مفید ہے:

صبر کے ساتھ ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ کی قید نے یہ بتلایا کہ مطلق صبر کوئی فضیلت کی چیز نہیں، کیونکہ کبھی نہ کبھی تو بے صبر سے انسان کو بھی بالآخر ایک وقت کے بعد صبر آ ہی جاتا ہے، جو صبر غیر اختیاری ہوا اس کی کوئی خاص فضیلت نہیں۔ اس لئے غیر اختیاری تکلیف کا اللہ تعالیٰ کسی کو حکم دیتے ہیں، اسی لئے حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الصبر عند الصدمة الاولی۔ یعنی اصلی اور معتبر صبر تو وہی ہے جو ابتداء صدمہ کے وقت اختیار کر لیا جائے ورنہ بعد میں تو کبھی نہ کبھی طبعی طور پر انسان کو صبر آ ہی جاتا ہے، بلکہ قابل مدح وہ صبر ہے کہ اپنے اختیار سے خلاف طبع امر کو برداشت کرے، خواہ وہ اطاعت و واجبات کی ادائیگی ہو یا محرمات و مکروہات سے بچنا ہو۔

اسی لئے اگر کوئی شخص چوری کی نیت سے کسی مکان میں داخل ہو گیا مگر وہاں چوری کا موقع نہ ملا مجبور کر کے واپس آ گیا تو یہ غیر اختیاری صبر کوئی مدح و ثواب کی چیز نہیں، ثواب جب ہے کہ گناہ سے بچنا اللہ کے خوف اور اس کی رضا جوئی کے سبب سے ہو۔ (معارف القرآن)

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
اور قائم رکھی نماز اور خرچ کیا ہمارے دیئے میں سے پوشیدہ (چھپے)
سِرًّا وَّعَلَانِيَةً
اور ظاہر (کھلے)

قیام نماز و ادائیگی زکوٰۃ و صدقات:

پوشیدہ کو شاید اس لئے مقدم رکھا کہ پوشیدہ خیرات کرنا افضل ہے۔ الا یہ کہ کہیں مصلحت شرعی علانیہ دینے میں ہو۔ (تفسیر عثمانی)

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً چھپا کر اور کھلم کھلا۔ نفل خیرات چھپا کر دینی افضل ہے۔ (۲) اگر شہرت طلبی کا شائبہ بھی نہ ہو، اور دوسروں کی بد ظنی دور کرنے اور دوسروں کو ترغیب دینے کے لئے ہو تو کھلم کھلا دینی بہتر ہے۔ مسلمان پر زکوٰۃ کا وجوب بہت کم ہوتا ہے کیونکہ اتفاق ہی نہیں ہوتا کہ کوئی صاحب نصاب ہو اور سال بھی گزرے۔ مگر اس کے اسلام کا تقاضا ہے کہ پیسے ہی سے ادا کرے گویا مسلمان نفل خیرات کرتا ہی رہتا ہے (نفل کی ادائیگی زیادہ ہوتی ہے اور زکوٰۃ کم ہی واجب ہوتی ہے) اس لئے سرا کو علانیہ سے پہلے ذکر کیا (وجوب زکوٰۃ کی ادائیگی دوسری خیرات پر مقدم ہے، اس لئے علانیہ کا اظہار سرا سے پہلے ہی چاہئے تھا) (تفسیر مظہری)

وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ
اور کرتے ہیں برائی کے مقابلہ میں بھلائی

برائی کے بدلے اچھائی:

یعنی برائی کا جواب بھلائی سے دیتے ہیں۔ سختی کے مقابلہ میں نرمی برتتے ہیں کوئی ظلم کرتا ہے یہ معاف کرتے ہیں (بشرطیکہ معافی سے برائی کے ترقی کرنے کا اندیشہ نہ ہو) بدی سے بچ کر نیکی اختیار کرتے ہیں۔ اگر کبھی کوئی برا کام ہو جاتا ہے تو اس کے مقابلہ میں بھلا کام (یعنی توبہ اور اس گناہ کی تلافی) کرتے ہیں۔ (تفسیر عثمانی)

اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ بلاشبہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔ حضرت معاذ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم سے کوئی گناہ ہو جائے تو اس کے پیچھے نیکی کر، یہ اس کو مٹا دے گی۔ (رواہ احمد)

گناہ کے بعد نیکی:

ابن مبارک نے حضرت اسود کی مرسل روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم گناہ کر بیٹھو تو (فوراً) ایک نیکی بھی (ایسی) کرو جس سے گناہ دھل جائے۔

حضرت عقبہ بن عامر راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص گناہوں کے بعد نیکیاں کر لیتا ہے اس کی حالت ایسی ہے جیسے کسی نے کوئی اتنی تنگ زرہ پہن رکھی ہو جس نے اس کا گلا گھونٹ رکھا ہو (یعنی اسے گناہ کرنے کے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا) پھر اس نے ایک نیکی کر لی تو (زرہ کی) ایک کڑی ٹوٹ گئی پھر دوسری کڑی ٹوٹ گئی (اس طرح نیکیاں کرتے کرتے سب کڑیاں ایک کے بعد ایک ٹوٹ گئیں) یہاں تک کہ وہ زمین پر گر پڑی۔ (رواہ البغوی)

ابن کیسان نے کہا آیت کا معنی یہ ہے کہ گناہ کر کے توبہ سے دفع کر دیتے ہیں (یعنی حسنات مراد توبہ ہے) ابوداؤد نے مرسلاً روایت نقل

[illegible]

برائی کے بدلے اچھائی کا اجر

[illegible]

[illegible] (تفسیر طبری)

[illegible]

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ

ان لوگوں کیلئے ہے آخرت کا گھر یعنی رہنے کے

ہمیشگی کی جنتیں [illegible] (تفسیر طبری)

عدن کیا ہے: [illegible]

[illegible] (تفسیر طبری)

يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

داخل ہوں گے ان میں اور جو نیک ہوئے ان کے باپ دادوں میں

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ

اور جوروؤں میں اور اولاد میں

قرابت کا فائدہ

[illegible]

[illegible]

ایک شبہ

[illegible]

جواب [illegible]

[illegible]

[illegible]

والملٰئکۃ یدخلون علیھم من کل

اور فرشتے ان کے پاس ہر دروازے سے

باب سلٰم علیکم بما صبرتم فنعم

[illegible]

عقبی الدار

[illegible]

مجاہدین کا اعزاز

[illegible]

مومن کا اعزاز

[illegible]

سب سے پہلے جنت میں جانے والے

[illegible]

انتہائی مغرور تھے بادشاہوں سے بھی نہیں جھکتے تھے۔ تو ہم نے یہ طے کیا ہے۔ جنت کو روز قیامت اللہ تعالیٰ اپنے سامنے بلائے گا۔ وہ اپنی خوشنمائی اور تمام نعمتوں اور زینتوں کے ساتھ حاضر ہوگی۔ اس وقت ندا ہوگی کہ میرے وہ بندے جو میری راہ میں جہاد کرتے تھے۔ میری راہ میں ستائے جاتے تھے۔ میری راہ میں لڑتے بھڑتے تھے۔ وہ کہاں ہیں۔ آؤ بغیر حساب و عذاب کے جنت میں چلے جاؤ۔ اس وقت فرشتے رب کے سامنے سجدے میں گر پڑیں گے اور عرض کریں گے کہ پروردگار ہم تو صبح و شام تیری تسبیح و تقدیس میں لگے رہے۔ یہ کون ہیں جنہیں آج تو نے ہم پر بھی فضیلت عطا فرمائی۔ اللہ رب العزت فرمائے گا یہ میرے وہ بندے ہیں جنہوں نے میری راہ میں جہاد کیا۔ میری راہ میں تکلیفیں برداشت کیں۔ اب تو فرشتے جلدی کر کے ان کے پاس ہر ہر دروازے سے پہنچیں گے۔ سلام کریں گے اور مبارکباد پیش کریں گے کہ تمہیں تمہارے صبر کا بدلہ کتنا اچھا ملا۔ (تفسیر ابن کثیر)

مسند کی حدیث میں ہے جانتے بھی ہو کہ سب سے پہلے جنت میں کون جائیں گے؟ لوگوں نے کہا اللہ کو خبر ہے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ فرمایا سب سے پہلے جنتی مسکین مہاجر ہیں جو دنیا کی لذتوں سے دور تھے۔ جو تکلیفوں میں مبتلا تھے۔ جن کی امنگیں دلوں میں ہی رہ گئیں اور قضا آگئی۔ رحمت کے فرشتوں کو حکم ہوتا ہے کہ جاؤ انہیں مبارکباد دو۔ فرشتے کہیں گے کہ باری تعالیٰ ہم تیرے آسمانوں کے رہنے والے تیری بہترین مخلوق ہیں۔ کیا تو ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم جا کر انہیں سلام کریں اور انہیں مبارکباد پیش کریں۔ جناب باری جواب دے گا یہ میرے وہ بندے ہیں جنہوں نے صرف میری عبادت کی۔ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا۔ دنیوی راحتوں سے محروم رہے۔ مصیبتوں میں مبتلا رہے۔ کوئی مراد پوری نہ ہونے پائی اور یہ صابر و شاکر رہے۔ اب تو فرشتے جلدی جلدی شوق سے ان کی طرف دوڑیں گے۔ ادھر ادھر کے ہر دروازے سے گھسیں گے اور سلام کر کے مبارکباد پیش کریں گے۔ (تفسیر ابن کثیر)

حدیث میں ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب شہداء کی قبروں پر جاتے تو یہ کہتے: سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ۔ ابو بکر و عمر اور حضرت ابو بکر و عمر و عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی کیا کرتے تھے۔ ([illegible])

وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ
اور جو لوگ توڑتے ہیں عہد خدا کا مضبوط کرنے کے
بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ
بعد اور قطع کرتے ہیں اس چیز کو جس کو جوڑنے کا حکم دیا اللہ نے
بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ
جوڑنے کا اور فساد اٹھاتے ہیں ملک میں، یہی لوگ ان کے واسطے
اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ؀
ہے لعنت اور ان کے لئے ہے برا گھر

بد عہدی:

نیکوں کے مقابل یہ بدبختوں کی عادت و خصلت اور انجام بیان ہو رہا ہے۔ یہ اللہ کا عہد ہے کہ جس تعالیٰ سے عہد کیا اور جن چیزوں کے جوڑنے کا حکم تھا انہیں توڑ دیا۔ ملک میں فساد کی آگ بھڑکا دی۔ دوسروں پر اور اپنی جانوں پر ظلم کرنے سے نہ رکے۔ یہی لوگ ہیں جو خدا کی رحمت سے دور پھینک دیے گئے اور سب سے برا ٹھکانہ اور مقام پر پہنچنے والے ہیں۔ (تفسیر ابن کثیر)

بغاوت اور قطع رحم:

حضرت ابو بکرہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخرت میں جو سزا رکھی گئی ہے اس کے ساتھ دنیا میں بھی جن گناہوں کی سزا اللہ کی طرف سے جلد ملنے کا استحقاق ہو جاتا ہے ان میں بغاوت اور قطع رحم سے زیادہ جلد عذاب دینے والا کوئی گناہ نہیں۔ رواہ احمد و البخاری فی الادب والترمذی وابن ماجہ والحاکم وابن حبان۔ حضرت جبیر بن مطعم راوی ہیں میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرما رہے تھے رحم کو کاٹنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔ متفق علیہ۔

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ راوی ہیں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے ان لوگوں پر اللہ کی رحمت نازل نہیں ہوتی جن میں قرابت رحم کو کاٹنے والا موجود ہو۔ رواہ البیہقی فی شعب الایمان۔ حضرت عبداللہ بن عمرو کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا احسان جتانے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ نہ ماں باپ کا نافرمان اور نہ ہمیشہ کا شرابی۔ رواہ النسائی والدارمی (تفسیر مظہری)

عہد کی تفسیر:

الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ یعنی جو لوگ اللہ تعالیٰ کے عہد کو پختہ کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے میثاق کے عہد کی تاکید ... [illegible] تمام پیدا کرنے والی روحوں سے لیا گیا تھا جس کو قرار ... [illegible] اقرار کے ساتھ پختہ کر لیا ... [illegible]

... [illegible]

میں انسان پر لازم ہو چکی ہے۔ کیونکہ کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دراصل ایک عظیم معاہدہ کا عنوان ہے جس کے تحت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتلائے ہوئے تمام احکام کی پابندی اور جن چیزوں سے منع کیا گیا ہے ان سے پرہیز بھی آ جاتا ہے۔ اس لئے جب کوئی انسان کسی حکم خداوندی یا حکم رسول سے انحراف کرتا ہے تو اس معاہدہ ایمانی کی عہد شکنی کرتا ہے۔

یہ معلوم ہوا کہ عہد شکنی اور رشتہ داروں، عزیزوں سے قطع رحمی لعنت اور جہنم کا سبب ہے، نعوذ باللہ منہ۔

جزائے صلہ رحمی:

اور صحیح مسلم کی ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بڑی صلہ رحمی یہ ہے کہ آدمی اپنے باپ کے انتقال کے بعد ان کے دوستوں سے وہی تعلقات قائم رکھے جو باپ کے سامنے تھے۔

اور بخاری، مسلم کی حدیث میں بروایت انس مذکور ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں وسعت اور کاموں میں برکت عطا فرمادے تو اس کو چاہئے کہ صلہ رحمی کرے۔ صلہ رحمی کے معنی یہی ہیں کہ جن سے رشتہ داری کے خصوصی تعلقات ہیں ان کی خبر گیری اور بقدر گنجائش امداد و اعانت کرے۔

اور حضرت ابو ایوب انصاری فرماتے ہیں کہ ایک گاؤں والا اعرابی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان پر حاضر ہوا اور سوال کیا کہ مجھے یہ بتلا دیجئے کہ وہ عمل کونسا ہے جو مجھے جنت سے قریب اور جہنم سے دور کر دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور صلہ رحمی کرو۔ (بغوی)

اور صحیح بخاری میں بروایت حضرت عبداللہ بن عمرؓ مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صلہ رحمی اتنی بات کا نام نہیں کہ تم دوسرے عزیز کے احسان کا بدلہ ادا کر دو اور جس نے تمہارے ساتھ کوئی احسان کیا ہے تو تم اس پر احسان کرو، بلکہ اصل صلہ رحمی یہ ہے کہ تمہارا رشتہ دار عزیز تمہارے حقوق میں کوتاہی کرے، تم سے تعلق نہ رکھے تم پھر بھی محض اللہ کے لئے اس سے تعلق کو قائم رکھو اور اس پر احسان کرو۔

صلہ رحمی کے فوائد:

رشتہ داروں کے حقوق ادا کرنے اور ان کے تعلقات کو نبھانے ہی کے خیال سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے نسب ناموں کو محفوظ رکھو، جن کے ذریعہ تمہیں اپنی رشتہ داریاں محفوظ رہ سکیں، اور تم ان کے حقوق ادا کر سکو۔ پھر ارشاد فرمایا کہ صلہ رحمی کے فوائد یہ ہیں کہ اس سے آپس میں محبت پیدا ہوتی ہے اور مال میں برکت اور زیادتی ہوتی ہے اور عمر میں برکت ہوتی ہے (یہ حدیث ترمذی نے روایت کی ہے)۔

اسلام کی تعلیم راہبانہ انداز سے ترک تعلقات کی نہیں، بلکہ ضروری تعلقات کو قائم رکھنا اور ان کے حقوق ادا کرنے کو ضروری قرار دیا گیا ہے۔ ماں باپ کے حقوق، اولاد، بیوی اور بہن بھائیوں کے حقوق، دوسرے رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق اللہ تعالیٰ نے ہر انسان پر لازم کئے ہیں۔ ان کو نظر انداز کر کے نفلی عبادت میں یا کسی دینی خدمت میں لگ جانا بھی جائز نہیں، دوسرے کاموں میں لگ کر ان کو نظر انداز کرنا تو کیسے جائز ہوگا۔ (معارف القرآن)

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ
اللہ کشادہ کرتا ہے روزی جس کو چاہے اور تنگ کرتا ہے

دنیا کے عیش معیار نہیں ہے:

یعنی دنیا کے عیش و فراخی کو دیکھ کر سعادت و شقاوت کا فیصلہ نہیں ہو سکتا۔ نہ یہ ضروری ہے کہ جس کو دنیا میں خدا نے روزی اور عیش زیادہ دیا ہے وہ اس کی بارگاہ میں مقبول ہے۔ بہت سے مقبول بندے بھوکے رہ کر اور تنگ حالی میں زندگی بسر کرتے ہیں اور بہت سے مجرموں کو ڈھیل دی جاتی ہے وہ مزے اڑاتے ہیں۔ یہ ہی دلیل اس کی ہے کہ اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی ہے جہاں ہر شخص کو اس کے نیک و بد اعمال کا پورا پھل مل کر رہے گا۔ بہر حال دنیا کی تنگی و فراخی مقبول و مردود ہونے کا معیار نہیں بن سکتی۔

[illegible] [illegible]

اللہ تعالیٰ وسعت کے ساتھ روزی دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگ کرتا ہے۔ روزی کا کم اور زیادہ ہونا کفر اور ایمان پر موقوف نہیں اور کفار اترائے ہوئے ہیں دنیاوی زندگی پر اور اس کی عیش و عشرت پر اور ان کا یہ اترانا بالکل فضول ہے۔ اس لئے کہ دنیاوی زندگی آخرت کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں مگر بہت تھوڑا سامان۔ حدیث میں ہے کہ دنیا آخرت کے مقابلہ میں ایسی ہے جیسے کوئی اپنی انگلی سمندر میں ڈبو کر نکالے اور دیکھے کہ کیا لائی۔ (رواہ مسلم بحوالہ کشاف القرآن)

وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا
اور فریفتہ ہیں دنیا کی زندگی پر اور دنیا کی زندگی کچھ نہیں
فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ
آخرت کے آگے مگر متاع حقیر

دنیا پر نہ اترائیں:

یعنی اس کو مقصود سمجھ کر اتراتے اور اکڑتے ہیں۔ حالانکہ آخرت کے

مقابلہ میں دنیا کی زندگی کچھ نہیں ہے جیسے ایک شخص اپنی انگلی سے سمندر کو چھوئے تو دیکھے کہ انگلی کو کتنی تری سمندر کے مقابلے میں حقیقت رکھتی ہے۔ دنیا کی آخرت کے مقابل اتنی بھی حقیقت نہیں۔ لہٰذا عقلمند کو چاہئے کہ فانی پر باقی کو مقدم رکھے۔ حقیقت یہ ہے کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے یہ بات خود مقصود نہیں۔ یہاں کے سامانوں سے اس طرح تمتع کرو جو آخرت کی کامیابی کا ذریعہ بنے جیسے صحابہ رضی اللہ عنہم نے کیا۔

وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ
اور کہتے ہیں کافر کیوں نہ اتری اس پر کوئی نشانی اس کے رب سے
مِّن رَّبِّهِ ۗ قُلْ إِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن
کہہ دے اللہ گمراہ (بھٹکاتا) ہے کرتا ہے جس کو چاہے اور راہ
يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ
دکھلاتا ہے اپنی طرف اس کو جو رجوع ہوا

کافروں کی فرمائش کا جواب:

سینکڑوں نشان دیکھتے تھے مگر ہٹ دھرمی کرنے کی ایک ہی رٹ لگی ہوئی تھی کہ جو ہم کہتے جائیں وہ نشان دکھاؤ۔ مثلاً مکہ کے پہاڑوں کو اپنی جگہ سے ہٹا کر کھیتی باڑی کے لئے زمین وسیع کر دو۔ یا زمین کو پھاڑ کر چشمے اور نہریں نکال دو یا ہمارے باپ دادوں کو زندہ کر دو کہ ہم ان سے بات چیت کرلیں۔ غرض کوئی نشان دیکھ دکھاؤ جو ہم کو ایمان لانے پر مجبور کر دے۔ اس کا جواب دیا کہ بیشک خدا ایسے نشان دکھلانے پر قدرت رکھتا ہے لیکن اس کی حکمت و عادت مقتضی نہیں کہ تمہاری فرمائشیں پوری کیا کرے۔ پیغمبروں کی تصدیق کے لئے جس قدر ضرورت ہے اس سے زائد نشانات دکھلا چکا اور دکھلا رہا ہے۔ بعض سے سینکڑوں معجزات سے آپ تعلق رکھ کے کیا قرآن ہی کیا عظیم الشان نشان پیغمبر کی صداقت کا ہے۔ جب تم ان نشانوں کو دیکھ کر راہ راست پر نہ آئے اور حق کی طرف رجوع نہ ہوئے تو معلوم ہوا کہ تم کو قانون کے مطابق خدا کی مشیت یہی ہے کہ تم کو تمہاری پسند کردہ گمراہی میں چھوڑ دے۔ بالفرض اگر تمہاری فرمائشیں نشان دیکھ کر اس کی طرف رجوع ہوتے تو ہدایت کے سوا تم کو نہ دکھاتے جو سامان اور کامیابی کے رستے کی راہیں کھلتیں۔ جب تم نے خود سے راہ ہدایت کی طرف بھی سنا کو مقتضی نہ ہو تمہیں مجبور کرے۔ پھر فرمائشی نشان دکھلانے کی کیا ضرورت رہی۔ بلکہ ان دکھلانے میں تمہارا فائدہ ہے کیونکہ سنت اللہ یہ ہے کہ فرمائشی نشان اس وقت دکھلائے جاتے ہیں جب کسی قوم کا جڑ سے اکھیڑنا مقصود ہو۔

حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ نے فرمایا اے محمد! اگر تم چاہو تو ہم ان کو فرمائشی نشان دکھلا دیں پھر اس پر بھی نہ مانیں تو ایسا عذاب بھیجا جائے کہ کسی پر ایسا نہ بھیجا گیا ہو۔ اور اگر تم چاہو تو رحمت و توبہ کا دروازہ کھلا رہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری شق کو اختیار فرمایا۔ چنانچہ بہت سے معاندین فرمائش کرنے والے بعد کو مسلمان ہوئے۔ (ابن کثیر)

الَّذِينَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم
وہ لوگ جو ایمان لائے اور چین پاتے ہیں ان کے دل
بِذِكْرِ اللَّهِ
اللہ کی یاد سے

اطمینان حاصل کرنے کا نسخہ:

یعنی خدا کی طرف رجوع ہونے والوں کا ایمان جو لوگ حق کی طرف رجوع ہوتے ہیں ان کو نصیب ہوتی ہے۔ اور ذکر اللہ (خدا کی یاد) سے چین اطمینان حاصل ہوتے ہیں کیونکہ سب سے بڑا ذکر قرآن ہے۔ قرآن کریم کو پڑھ کر ہی اہل ایمان کے دل مطمئن ہوتے ہیں جو قرآن کے دلائل سے یقین کی کیفیت پیدا ہوتی ہے۔ شبہات اور وساوس شیطانیہ دور ہو کر سکون و اطمینان میسر آتا ہے۔ ایک معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی محبت و عبادت دلوں میں جب دوست پیدا کرتی ہے تو ادھر کی طرف رجوع ہو جاتا ہے۔ حضرت کا ذکر بھی سکون و راحت کے سامان بہم پہنچاتا ہے۔ غرض دل ہر طرف سے ہٹ کر ایک خدا کی طرف جم جاتا ہے۔ ذکر اللہ کی دولت سے قلب ہر طرح کی دنیوی آفات سے مطمئن ہو جاتا ہے۔ (فوائد عثمانی)

وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللَّهِ اور ان کے دل اللہ کی یاد سے مطمئن ہو جاتے ہیں۔ یعنی ان کے دلوں میں ایمان پختہ ہو جاتا ہے۔ اور شک و شبہ زائل ہو جاتا ہے۔ ذکر سے مراد ہے قرآن مجید اور اطمینان سے مراد ہے ایمان۔ کیونکہ ایمان دلوں کا سکون ہے اور شک دلوں کی بے چینی۔ یہ مطلب ہے کہ اللہ کی یاد سے شیطانی وسوسے زائل ہو جاتے ہیں (یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ وسوسوں کی جگہ قرآن مراد ہو)۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کے دل کے دو خانے ہیں ایک خانہ میں فرشتہ (کا قبضہ) ہوتا ہے اور دوسرے میں شیطان کا (تسلط)۔ جب آدمی اللہ کی یاد کرتا ہے تو شیطان پیچھے ہٹ جاتا ہے اور جب یاد نہیں کرتا تو شیطان اپنی چونچ آدمی کے دل میں ڈال کر وسوسہ ڈالتا ہے۔ رواہ ابن ابی شیبہ فی المصنف۔ ... ... شیطان آدمی کے دل پر چمٹا رہتا ہے ...

ہے تو شیطان پیچھے کو کھسک جاتا ہے اور جب اللہ کی یاد سے غافل ہوتا ہے تو شیطان اس کے دل میں وسوسہ ڈالنے لگتا ہے۔

دلوں کی روشنی:

اس آیت کا یہ مطلب ہے کہ اہل ایمان کے پاک صاف دلوں کی ... ذکر الٰہی سے ان کو سکون اور چین ملتا ہے، جیسے مچھلی کو پانی میں اور وحشی جانوروں کو جنگل میں لیکن اگر غفلت آ جائے اور کوئی ... دل میں آ جاتا ہے یا اہل غفلت کی صحبت اختیار ہو جاتی ہے تو دلوں کا سکون جاتا رہتا ہے اور بے چینی اور اضطراب پیدا ہو جاتا ہے جیسے پانی سے باہر مچھلی اور وحشی کے ... پانی کے اندر اور وحشی جانور کو پنجرے میں اضطراب ہوتا ہے۔

صوفیائے کرام نے ... کے لئے اس حالت کا مشاہدہ بالکل دیکھا ہے ... مرشد کی صحبت ... ان حالات کو دیکھتے ہیں اس مطلب پر الَّذِينَ آمَنُوا سے مراد ان کے پاک باطن روشن دل صوفیہ۔ (تفسیر مظہری)

أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ؕ

سمجھنا چاہیے اللہ کی یاد ہی سے سکون پاتے ہیں دل

ذکر اللہ:

یعنی دولت، حکومت، منصب، جاگیر، فریبانہ تعلقات کا ... چیز انسان کو حقیقی سکون و اطمینان سے ہم آغوش نہیں کر سکتی۔ صرف یاد الٰہی ہے جو حقیقی تسکین کا باعث ہوتی ہے جو دلوں کے اضطراب و وحشت کو دور کر سکتا ہے۔ (تفسیر جمل)

أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ - خوب سن لو اللہ کی یاد سے ہی (پاک صاف) دلوں کو سکون ملتا ہے۔

شبہ: بغوی نے اس جگہ ایک شبہ اور اس کا جواب لکھا ہے شبہ کیا جا سکتا ہے کہ اللہ نے دوسری آیت میں فرمایا ہے إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ ۔ پس مومن وہی ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جائے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور اس جگہ ذکر الٰہی کو مومن کے قلب کا اطمینان قرار دیا گیا ہے ایک حالت میں خوف اور اطمینان اکٹھے کیسے جمع ہو سکتے ہیں۔

جواب: اس شبہ کا جواب اس طرح دیا گیا ہے کہ عذاب کے ذکر کے وقت مومن کا دل ڈر جاتا ہے اور ثواب کے وعدوں کے ذکر کے وقت اس کے اندر اطمینان پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ جانتا ہے اللہ کے انصاف اور عذاب سے ... میں کہتا ہوں اس جواب کا حاصل یہ ہے کہ اطمینان اور خوف میں باہم تضاد ہے اس لئے ایک حالت میں دونوں کا اجتماع نہیں ہوتا اطمینان کی حالت جدا ہوتی ہے اور خوف کی جدا۔

میرے نزدیک طمانیت اور خوف میں کوئی تضاد نہیں طمانیت قلب سے پیدا ہوتی ہے اور انس خوف کی حالت میں بھی ہوتا ہے بلکہ خوف و امید بھی ایک حالت میں جمع ہو سکتے ہیں۔ حضرت انس راوی ہیں کہ ایک جوان کے مرنے کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے اور پوچھا تجھے اپنے دل کی کیا کیفیت محسوس ہوتی ہے۔ اس نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اللہ سے امید رکھتا ہوں اور اپنے گناہوں کا مجھے خوف بھی ہے۔ فرمایا ایسے موقع پر جس بندے کے دل میں یہ دونوں باتیں اکٹھی ہو جائیں تو اللہ ضرور اس کی امید کے مطابق عطا فرماتا ہے اور جس چیز سے اس کو خوف ہوتا ہے اس چیز سے محفوظ رکھتا ہے۔ رواہ الترمذی وابن ماجہ ترمذی نے اس روایت کو غریب کہا ہے۔ (تفسیر مظہری)

الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ طُوبَىٰ

جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کے لئے خوشحالی (طوبیٰ) ہے

لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ

ان کے واسطے اور اچھا ٹھکانا

طوبیٰ کیا ہے:

حضرت ... نے طوبیٰ سے ... کہتے ہیں ... جنت کا ... درخت بھی ... حدیث میں ... طوبیٰ کے نام سے ذکر کیا جاتا ہے۔ (تفسیر مظہری)

حضرت ابن عباس نے طوبیٰ کا ترجمہ کیا ہے خوشی اور آنکھ کی ٹھنڈک۔

حضرت عتبہ راوی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے طوبیٰ کا ذکر آیا تو فرمایا ابوبکر کیا تم کو معلوم ہے کہ طوبیٰ کیا ہے حضرت ابوبکر نے عرض کیا اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی خوب جانتے ہیں۔

فرمایا طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے جس کی لمبائی سے اللہ ہی واقف ہے ... اس کے ایک شاخ کے نیچے ... سوار ... چلتا رہے ... (ابن ابی حاتم)

سعید بن جبیر نے کہا حبشی زبان میں طوبیٰ باغ (جنت) کو کہتے ہیں۔ مغیث کا بیان ہے کہ حضرت اسماء اور حضرت ابو ہریرہ ... نے فرمایا طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے جو تمام جنتوں پر سایہ فگن ہے۔

عبید بن عمیر نے کہا طوبیٰ جنت عدن کے اندر ... (جنتی) مکان میں ایک درخت ہے جس کی شاخیں ... ہر جنتی ...

[illegible]

طوبیٰ درخت کا پھیلاؤ

[illegible]

درخت سے اونٹنی برآمد

[illegible]

[illegible]

گھوڑوں اور طوطوں کی پرورش

[illegible]

طوبیٰ کا تفصیلی تعارف

[illegible]

[illegible]

[illegible]

كذلك ارسلنك في امة قد خلت من

[illegible]

قَبۡلِهَآ أُمَمٌ لِّتَتۡلُوَاْ عَلَيۡهِمُ ٱلَّذِيٓ

اس سے پہلے بہت امتیں ہو چکی ہیں تاکہ تو انہیں وہ پڑھ کر سنائے جو

أَوۡحَيۡنَآ إِلَيۡكَ

ہم نے تیری طرف

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد:

یعنی جس طرح تجھے ہم نے اپنی طرف بلانے والا بنا کر ان لوگوں کی طرف بھیجا ہے اسی طرح تجھ سے پہلے بھی امتوں میں رسول بھیجے تھے جنہوں نے اپنی امتوں کو اللہ کا پیغام پہنچایا اور انہیں اپنی رحمت کاملہ سے تیری طرف وحی کر کے تجھے مبعوث کیا ہے تاکہ تو انہیں وہ کلام سنا دے جو ہم نے تیری طرف اتارا ہے۔ جیسے پہلے بھی تجھ سے پہلے امتوں کی طرف نبی بھیجے جا چکے ہیں اسی طرح تجھے بھی بھیجا ہے اور جس طرح ان لوگوں کو جھٹلانے کا حشر ہوا ان لوگوں کو بھی ڈرنا چاہیے۔

وَهُمۡ يَكۡفُرُونَ بِٱلرَّحۡمَٰنِۚ

اور وہ منکر ہو رہے ہیں رحمٰن سے

قریش رحمٰن کے منکر تھے

یعنی رحمن سے (اپنی رحمت کاملہ سے قرآن اتارا "وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ٱسۡجُدُواْ لِلرَّحۡمَٰنِ قَالُواْ وَمَا ٱلرَّحۡمَٰنُ" اور آپ کو تمام عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجا) مگر یہ لوگ اس رحمت بھرے رحمن کے منکر ہو گئے بلکہ اس نام سے بھی وحشت کرنے لگے اسی لیے حدیبیہ کے صلح نامہ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھنے پر جھگڑا کیا۔ "قُلِ ٱدۡعُواْ ٱللَّهَ أَوِ ٱدۡعُواْ ٱلرَّحۡمَٰنَۖ أَيّٗا مَّا تَدۡعُواْ فَلَهُ ٱلۡأَسۡمَآءُ ٱلۡحُسۡنَىٰ" (قرآن سورہ بنی اسرائیل ۱۱۰) تفسیر جلالین

ابن جریر یا ابن ابی حاتم اور ابو الشیخ نے بھی قتادہ کا یہ بیان نقل کیا ہے اس کی توضیح اس طرح ہے کہ جب قریش اور حضور کے درمیان صلح نامہ لکھے جانے پر اتفاق ہو گیا اور سہیل بن عمرو قریش کی طرف سے آئے جیسا کہ سورۃ الفتح میں تفصیل سے آئے گا تو حضور نے لکھوایا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا لکھو بسم اللہ الرحمن الرحیم، قریش بولے ہم تو الرحمن کو نہیں جانتے ہم تو صرف یمامہ والے رحمن (یعنی مسیلمہ کذاب) کو جانتے ہیں (بسم اللہ الرحمن نہیں بلکہ) وہی لکھو جو پہلے لکھتے تھے یعنی باسمک اللھم (اے اللہ تیرے نام سے شروع کرتا)

وَهُمۡ يَكۡفُرُونَ بِٱلرَّحۡمَٰنِ کا یہی مطلب ہے (یعنی یہ لوگ اللہ کے رحمن ہونے کا انکار کرتے ہیں) (تفسیر مظہری)

قُلۡ هُوَ رَبِّي لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ

تو کہہ دے وہی میرا رب ہے کوئی معبود نہیں اس کے سوا اسی پر میں نے

وَإِلَيۡهِ مَتَابِ ۝

بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف مجھے رجوع کرنا ہے۔

توکل علی اللہ:

یعنی تم جس رحمن سے انکار کرتے ہو وہی میرا رب ہے جو وحدہٗ لاشریک اللہ ہے جس کا کوئی شریک نہیں۔ "قُلِ ٱدۡعُواْ ٱللَّهَ أَوِ ٱدۡعُواْ ٱلرَّحۡمَٰنَۖ أَيّٗا مَّا تَدۡعُواْ فَلَهُ ٱلۡأَسۡمَآءُ ٱلۡحُسۡنَىٰ" (بنی اسرائیل: ۱۱۰)

میرا آغاز و انجام سب اسی کے ہاتھ میں ہے میں اسی پر توکل کرتا ہوں تم سب اللہ کو چھوڑ کر اپنے بتوں کی طرف جاتے ہو، میں اللہ کی ہی طرف رجوع کرتا ہوں۔ (تفسیر مظہری)

طبرانی وغیرہ نے حضرت ابن عباس کے حوالے سے لکھا ہے کہ قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا اگر جو کچھ آپ کہتے ہیں اگر وہ سچ ہے تو ہمارے مردہ اسلاف کو ہمارے سامنے لا کر کھڑا کر دیجئے ہم ان کو دیکھیں اور ان سے باتیں کریں اور وہ تمہاری تصدیق کریں۔

وَلَوۡ أَنَّ قُرۡءَانٗا سُيِّرَتۡ بِهِ ٱلۡجِبَالُ أَوۡ

اور اگر کوئی قرآن ایسا ہوتا کہ جس سے پہاڑ چلا دیئے جاتے یا

قُطِّعَتۡ بِهِ ٱلۡأَرۡضُ أَوۡ كُلِّمَ بِهِ ٱلۡمَوۡتَىٰۗ

اس سے زمین ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی یا مردوں سے باتیں کرا دی جاتیں (تو بھی یہ ایمان نہ لاتے)

بَل لِّلَّهِ ٱلۡأَمۡرُ جَمِيعًاۗ

بلکہ سب کام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں

قرآن پاک: یہاں قرآن سے مراد عام کتاب ہے جیسے کہ ایک حدیث میں ہے کہ حضرت داؤد پر قرآن آسان کر دیا گیا ہے یعنی زبور۔ کوئی کتاب ایسی اتری ہوتی جس کی تلاوت سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جاتے تو وہ یہی قرآن ہے کہ ساری کتابوں میں بھی یہی قرآن اس وصف کا زیادہ مستحق ہے جس کے سامنے زمین پھٹ جائے یا مردے زندہ ہو جائیں کی طرح یہ بڑے بڑے لوگوں کو ان کی جہالت سے ہٹا دیا۔ سب نبی اپنی معجزوں پر بھروسہ کرتے ہیں مگر حضرت کا ایک بڑا معجزہ یہی ہے کہ دین اللہ کے راستے میں چلنے والوں کی جگہ لوگوں کو بلا تے رہے، اور وہ لوگ بھی جو اس میں پڑے ہوئے تھے، زندگی کی راہ پر چل پڑے۔ جب ایسے قرآن سے ہر گز ایمان نہیں لاتے تو یہ محض ان کی ضد ہے۔ قریش کہتے تھے کہ اگر قرآن ہمارے مطالبے کے مطابق ہو یعنی پہاڑ ہٹا دے یا زمین پھاڑ دے تو ہم ایمان لے آئیں مگر سب بے فائدہ ہے کیونکہ یہ ایمان لانے والے نہیں۔ یہ مقدمات اور قرآن کی یہ نشانیاں سب تم نے دیکھ لیں۔

[illegible] ایمان [illegible] (تفسیر عثمانی)

[illegible]

[illegible] (تفسیر عثمانی)

أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ آمَنُوا أَن لَّوْ يَشَاءُ
سو کیا خاطر جمع نہیں ایمان والوں کو اس پر کہ اگر چاہے
اللَّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعًا
اللہ تو راہ دے سب لوگوں کو

بعض مسلمانوں کے خیال کی تصحیح

[illegible]

[illegible]

أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِينَ آمَنُوا [illegible]

[illegible] (تفسیر عثمانی)

وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا تُصِيبُهُم بِمَا
اور برابر پہنچتا رہے گا منکروں کو ان کی [illegible]
صَنَعُوا قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ قَرِيبًا مِّن
[illegible]
دَارِهِمْ حَتَّىٰ يَأْتِيَ وَعْدُ اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ
[illegible] جب تک کہ پہنچے وعدہ اللہ کا بے شک اللہ
لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ
خلاف نہیں کرتا اپنا وعدہ

ان کا علاج جہاد ہے

[illegible]

[illegible]

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ
[illegible]
لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ
[illegible]
كَانَ عِقَابِ
[illegible]

ڈھیل سے بے خوف نہ ہو

[illegible]

أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا
[illegible]
كَسَبَتْ وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ
[illegible]

خدا کسی سے غافل نہیں

[illegible]

[illegible]

قُلْ سَمُّوهُمْ
[illegible]

[illegible]

أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ
[illegible]

خدا کا کوئی شریک نہیں ہے

[illegible]

[illegible]

أَم بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ
[illegible]

شرک کی کوئی حقیقت نہیں ہے

[illegible]

بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ

بلکہ بھلے دکھا دیئے ہیں منکروں کو ان کے فریب

وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ

اور وہ روک دیئے گئے ہیں راہ سے

نفس دھوکہ ہے:

یعنی جو بھی شخص شرک کی نجاست میں ان کی مستعدی اور توجہ کے تقاضہ میں اس قدر بے حد جاہلی نفس کا دھوکہ اور شیطان کا فریب ہے اسی نے ان کو راہ حق سے روک رکھا ہے۔

وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ

اور جس کو گمراہ کرے اللہ سو کوئی نہیں اس کو راہ بتانے والا

ہدایت اللہ کے پاس ہے:

یعنی جسے خدا ہدایت کی توفیق نہ دے اسے کون راہ پر لا سکتا ہے اور وہی اس کو توفیق دیتا ہے جو اختیار خود ہدایت کے راستے کی طرف بڑھے کرے۔

لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

ان کو مار پڑتی ہے دنیا کی زندگی میں

مجاہدین کے ہاتھوں سے یا براہ راست قدرت کی طرف سے۔

وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَقُّ وَمَا لَهُمْ مِنَ

اور آخرت کی مار تو بہت ہی سخت ہے اور کوئی نہیں ان کو

اللَّهِ مِنْ وَاقٍ

اللہ سے بچانے والا

یعنی بے مزہ دے ہیں دنیا کا عذاب بھی ان کی سزا کا کیا ہی پوچھنا۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ تَجْرِي

حال جنت کا جس کا وعدہ ہے پرہیزگاروں سے بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ أُكُلُهَا دَائِمٌ

اس کے نیچے نہریں میوہ اس کا ہمیشہ ہے

جنت کا تعارف:

جنت کی کوئی نعمت کبھی ختم نہ ہو گی اور ہمیشہ رہے گی۔ جیسا کہ جنتیوں کی خواہش کریں گے۔ "لا مقطوعۃ ولا ممنوعۃ" (الواقعہ: ۳۳) (تفسیر عثمانی)

تلک عقبی اس کے کئی بیان ہوں گے کئی متفقہ روایتیں ہیں۔ طبرانی کی روایت ہے کہ حضرت ثوبان نے فرمایا کہ میں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ جنتی شخص بھی جنت کا کوئی پھل توڑے گا تو اس کی جگہ دوسرا پھل ویسا ہی پیدا ہو جائے گا (تفسیر مظہری)

صحیحین میں ہے کہ سورج گہن کی نماز میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے آپ آگے بڑھے اور ہم بھی پیچھے ہٹے ہم نے پوچھا کہ آپ نے کوئی چیز لینے کا ارادہ کیا پھر آپ پیچھے ہٹ آئے نماز کے بعد حضرت ابی بن کعب نے دریافت کیا کہ آج ہم نے آپ کو یہ کام کرتے ہوئے دیکھا کہ پہلے کبھی نہ دیکھا تھا آپ نے فرمایا ہاں میرے سامنے جنت پیش کی گئی جو تروتازگی سے پُر تھی میں نے چاہا کہ اس میں سے ایک خوشہ انگور کا توڑ لاؤں تمہیں دوں درمیان آڑ کر دی گئی اگر میں اسے توڑ لاتا تو تمام دنیا کھاتی پھر بھی ذرا سا بھی کم نہ ہوتا۔ ایک دیہاتی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ جنت میں انگور ہوں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں اس نے کہا کتنے بڑے خوشے ہوں گے فرمایا کہ اگر کوئی کوا مہینہ بھر تک اڑتا رہے تب بھی اس کو طے نہ کر سکے۔ حدیث میں ہے کہ جنتی جب کوئی پھل توڑے گا اسی وقت اس کی جگہ دوسرا لگ جائے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں جنتی خوب کھائیں پئیں گے لیکن نہ تھوک آئے گی نہ ناک نہ پاخانہ پیشاب۔ خوشبودار پسینہ سے کھانا ہضم ہو جائے گا اور جس طرح سانس بے تکلف چلتا ہے اسی طرح تسبیح و تحمید کا الہام ہوگا (مسلم وغیرہ) ایک اہل کتاب نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ فرماتے ہیں جنتی کھائیں پئیں گے؟ آپ نے فرمایا ہاں اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے کہ ہر شخص کو کھانے پینے اور جماع اور شہوت میں سو آدمیوں کی قوت دی جائے گی۔ اس نے کہا کہ کھانے پینے والے کو تو حاجت بھی ہوگی پھر جنت میں گندگی کہاں؟ آپ نے فرمایا ایک خوشبودار پسینہ آئے گا جس سے پیٹ خالی ہو جائے گا (مسند و نسائی) فرماتے ہیں کہ جس پرند کی طرف کھانے کے ارادے سے جنتی نظر اٹھائے گا اسی وقت بھنا بھنایا اس کے سامنے گر پڑے گا بعض روایتوں میں ہے کہ پھر وہ اسی طرح بحکم خدا زندہ ہو کر اڑ جائے گا قرآن میں ہے وہاں بکثرت میوے ہوں گے کہ نہ ختم ہوں نہ کم ہوں نہ ... سایہ

ہمیشہ رہنے والے ہیں اسی طرح جنتی سایہ بھی ہمیشگی والے ہوں گے۔ (تفسیر مظہری)

وَظِلُّهَا
اور سایہ بھی

جنت کے سائے:

جنتی سایہ بھی ہمیشہ آرام دہ اور سہانا ہوگا نہ دھوپ کی تپش ہوگی نہ سردی کی تکلیف۔ "لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَلَا زَمْهَرِيرًا" (دہر رکوع ۱) (تفسیر [illegible])

خطیب دمشق حضرت بلال بن سعد فرماتے ہیں کہ اے بندگان خدا کیا تمہارے کسی عمل کی قبولیت کا یا کسی گناہ کی معافی کا کوئی پروانہ تمہیں مل گیا؟ کیا تم نے یہ گمان کر لیا ہے کہ تم بیکار پیدا کئے گئے ہو اور تم خدا کے ہاں پھر آنے والے نہیں ہو؟ واللہ اگر اطاعت خداوندی کا بدلہ دنیا میں ہی ملتا تو تم تمام نیکیوں پر جم جاتے، کیا تم دنیا پر ہی فریفتہ ہو گئے ہو؟ کیا اسی کے پیچھے مر مٹو گے؟ کیا تمہیں جنت کی رغبت نہیں؟ جس کے پھل اور جس کے سائے ہمیشگی رہنے والے ہیں۔ (ابن ابی حاتم) (تفسیر ابن کثیر)

تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَوْا ۖ
یہ بدلہ ہے ان کا جو ڈرتے رہے

یعنی خدا سے ڈر کر شرک و کفر کو چھوڑے رکھے۔

وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ﴿٣٥﴾
اور بدلہ منکروں کا آگ ہے

یعنی حق اور اہل باطل کا انجام ایک دوسرے کے بالمقابل بیان فرمایا۔ "وبضدها تتبين الاشياء"

وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا
اور وہ لوگ جن کو ہم نے دی ہے کتاب خوش ہوتے ہیں اس سے
أُنْزِلَ إِلَيْكَ
جو نازل ہوا تجھ پر

قرآن خوشی کا پیغام ہے:

جن کو اب قرآن دیا ہے (یعنی مسلمان) اور جن کو پہلے تورات و انجیل وغیرہ دی گئی (یعنی یہود و نصاریٰ) اس چیز کو سن کر خوش ہوتے ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر [illegible] مسلمانوں کا خوش ہونا تو ظاہر ہے کہ وہ [illegible] پر ایمان لا کر اسی کی [illegible] تھے۔ باقی یہود و نصاریٰ میں جو لوگ اہل علم و انصاف اور قبول حق پر تیار تھے ان کے لئے بھی [illegible] مسرت کا موقع تھا چونکہ وہ جانتے تھے کہ قرآن کریم بھی [illegible] ان کی اصل کتابوں کی تصدیق [illegible] مطلب [illegible] ہے کہ [illegible] "وَإِنَّ فَرِيقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ" [illegible] منصف مزاج [illegible] مشرف باسلام ہوئے۔

وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَنْ يُنْكِرُ بَعْضَهُ ۚ
اور بعضے فرقے نہیں مانتے اس کی بعض بات

اہل کتاب کا انکار:

یعنی یہود و نصاریٰ و عرب کے جاہلوں میں وہ جماعتیں بھی ہیں جو قرآن [illegible] اس لئے ناخوش ہیں کہ [illegible] ان کی خواہشوں [illegible] کے خلاف [illegible]

قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ وَلَا أُشْرِكَ
کہہ مجھ کو یہی حکم ہوا ہے کہ بندگی کروں اللہ کی اور شریک نہ کروں
بِهِ ۚ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ ﴿٣٦﴾
اس کا اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف ہے میرا ٹھکانا

کسی کی خوشی کی پرواہ نہیں:

یعنی کوئی خوش ہو یا ناخوش میں تو اسی خدائے واحد لاشریک لہ کی بندگی کرتا ہوں جس کو سب انبیاء اور [illegible] مانتے چلے آئے ہیں [illegible] احکام [illegible] دنیا [illegible] اسی کی طرف [illegible] مقصود [illegible]

وَكَذَٰلِكَ أَنْزَلْنَاهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۚ
اور اسی طرح اتارا ہم نے یہ کلام حکم عربی زبان میں

علم و حکمت کا خزانہ:

یعنی جیسے پہلی دوسری کتابیں اتاری گئیں اسی وقت یہ قرآن [illegible] علم [illegible] حکم [illegible] حق و باطل کا آخری فیصلہ کرنے والا ہے [illegible]

پیغمبر کی اپنی زبان میں کتاب دی گئی جو اس کی قوم کی زبان تھی اسی طرح محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کو عربی قرآن دیا گیا تاکہ قرآن جیسی معجزانہ کتاب لوگوں کی اپنی زبان میں نازل ہو ... اسی طرح معتزلہ کی خواہشات ... جیسے کہ ہم ...

وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ بَعْدَ مَا

اور اگر تو چلے ان کی خواہش کے موافق بعد اس علم کے

جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِنْ

جو تجھ کو پہنچ چکا کوئی نہیں تیرا اللہ سے حمایتی

وَلِيٍّ وَلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾

اور نہ بچانے والا

فقط قرآن کی پیروی کرو:

یعنی ان کے اقوال و خواہش کی قطعاً پرواہ مت کرو۔ حق تعالیٰ نے جو علم عظیم تم کو دیا ہے اس کی پیروی کرتے رہو۔ اگر بالفرض تم ان لوگوں کی خواہشات کی طرف جھک گئے تو اس ... سے کون بچا سکتا ہے۔ یہ خطاب بطریق فرض کے ہے ورنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم معصوم ہیں تو آپ کے سامنے دکھا کر دوسروں کو سنانا مقصود ہے جیسا کہ پہلے متعدد مواضع میں اس کی مثالیں گزر چکیں۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا

اور بھیج چکے ہیں ہم کتنے رسول تجھ سے پہلے

لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ

اور ہم نے دی تھیں ان کو جوروئیں اور اولاد اور نہیں ہوا کسی رسول

أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۗ لِكُلِّ

سے کہ وہ لے آئے کوئی نشانی مگر اللہ کے اذن سے ہر

أَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾

وعدہ ہے لکھا ہوا

پیغمبر پر نکتہ چینی بلاوجہ ہے:

یعنی پیغمبر پر ایسی نئی کتاب اور نئے احکام دے کر بھیجا گیا اور تعجب کی بات ہو گئی جو ایسی نکتہ چینیاں کی جاتی ہیں۔ قرآن سے پہلے بھی جس قدر پیغمبر بھیجے وہ آسمان کے فرشتے نہ تھے اسی دنیا کے رہنے والے آدمی تھے جو کھانا کھاتے اپنی ضروریات اپنے ہاتھوں سے انجام دیتے اور بیوی بچے رکھتے تھے۔ نہ ان میں کسی کو یہ قدرت دی گئی کہ لوگ جو نشانی مانگیں ضرور دکھلا دے بلکہ ہر ایک پیغمبر کی طرف سے ہر چیز کی حدایات حکیم کے مقرر کیے ہوئے تھے وہی نشانیاں دکھاتے اور وہی احکام سناتے تھے جس کا اذن خدا کے یہاں سے ہوتا۔ خدا تعالیٰ کا قاعدہ ہے کہ ہر چیز کے یہاں ہر وقت اور ہر قرآن کے مناسب جدا گانہ حکم لکھا ہوا ہے۔ ایک وقت ظاہر ہوتا ہے جس کو خدا کی ازلی حکمت نے مقرر کیا ہے۔ پھر ایک پیغمبر اپنے زمانہ کے مناسب احکام لاتے اور اپنی صداقت ... تمہارے زمانے میں پبلک کی خواہشات کے تابع نہیں رہے۔ خیر وہ لوازم بشری اور تعلقات معاشرت سے پاک ہو کر ظاہر کیا تو اسی طرح چیزوں کا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پایا جانا ان کو نبوت کی دلیل سمجھنا حق ہے۔ (تفسیر عثمانی)

کفار و مشرکین کا نظریہ:

کفار و مشرکین کا رسول و نبی کے متعلق ایک عام تخیل یہ تھا کہ وہ جنس بشر و انسان کے علاوہ کوئی مخلوق مثل فرشتوں کے ہونی چاہئے۔ جس کی وجہ سے عام انسانوں سے ان کی برتری واضح ہو جائے۔ قرآن کریم نے ان کے اس خیال فاسد کا جواب متعدد آیات میں یہ دیا ہے کہ تم نے نبوت و رسالت کی حقیقت اور حکمت کو ہی نہیں سمجھا اس لئے ایسے تخیلات کے درپے ہو گئے۔ کیونکہ رسول کو حق تعالیٰ ایک نمونہ بنا کر بھیجتے ہیں کہ امت کے سارے انسان ان کی پیروی کریں ان کے جیسے اعمال و اخلاق سیکھیں اور یہ ظاہر ہے کہ کوئی انسان اپنے ہم جنس انسان ہی کی پیروی اور اتباع کر سکتا ہے۔ جو اس کی جنس کا نہ ہو اس کی پیروی انسان سے ناممکن ہے مثلاً فرشتہ کو نہ بھوک لگے نہ پیاس نہ نفسانی خواہشات سے اس کا کوئی واسطہ ہو ان کو نیند آ سکتی ہے ... اگر انسان کو ان کے اتباع اور پیروی کا حکم دیا جاتا تو ان کے لئے ان کی تعمیل سے زیادہ تکلیف ہو جاتی۔ اس جگہ بھی مشرکین کا یہی اعتراض پیش ہوا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تعدد ازدواج سے کیا جاتا ہے ... اس کا جواب یہ دیا گیا کہ جملہ انبیاء کو اللہ نے ایک بیوی سے زیادہ نکاح کرنے اور بیوی بچوں والا ہونے کا حکم دیا ہے کسی نبی نے بھی نبوت و رسالت کے خلاف نہیں کیا۔ اللہ تعالیٰ کو ... اگر یہ بات کبھی منع ہوتی تو وہ اپنے پیغمبروں کو صاحب اہل و عیال بنانے کیوں جیسے تمام انبیاء علیہم السلام پہلے گزرے ہیں وہ اہل و عیال سے تعلق کی عادت کے قائم بھی قائل ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت:

صحیح بخاری و مسلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تو روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں (یعنی یہ نہیں کہ ہمیشہ روزے سے رہا کروں)

[illegible]

ہر چیز کا وقت مقرر ہے

[illegible]

يَمْحُو اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۖ وَعِنْدَهُ

مٹاتا ہے اللہ جو چاہے اور باقی رکھتا ہے [illegible]

أُمُّ الْكِتَابِ

اصل کتاب

[illegible]

اللہ جو چاہے مٹا دے جو چاہے باقی رکھے

[illegible]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ جو
چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے مگر [illegible] اور بدبختی
اور [illegible] موت سے [illegible] کوئی تبدیلی نہیں ہوتی [illegible]
حضرت ثوبان کی روایت ہے حضرت ثوبان نے بیان کیا کہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی قضا (تقدیر) کو صرف دعا ہی ٹال دیتی ہے
اور رزق میں زیادتی بھی گناہ کی وجہ سے (آدمی) کو رزق سے محروم کر دیا جاتا ہے اور
عمر میں زیادتی بھی نیکی ہی کرتی ہے ابن حبان نے حضرت ابن عمر کی روایت سے
بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یمحو اللہ ما یشاء کے
متعلق دریافت کیا گیا فرمایا یہ ہر شب قدر میں ہوتا ہے (مرتب) اٹھا دیا جاتا ہے
اور [illegible] رزق [illegible] مگر بدبختی اور خوش
بختی سعادت اور شقاوت میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ (ترمذی و ابن ماجہ)

حضرت ابن عباس نے فرمایا اللہ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور جو چاہتا ہے ثبت رکھتا
ہے مگر موت، زندگی اور سعادت و شقاوت میں کوئی تبدیلی نہیں کی جاتی۔

بغوی نے لکھا ہے عمر و [illegible] حضرت حذیفہ بن اسید کی روایت سے بیان کیا
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب نطفہ پر چالیس یا پینتالیس راتیں گزر جاتی ہیں تو ایک فرشتہ
